www.ustaman.com.pk

روزنامہ
استمان
مستونگ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 منگل 03 نومبر 2026ء 22 جمادی الاول 1448ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 125

Daily USTAMAN ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

وزیراعلیٰ کے معاون برائے سیاسی امور ومیڈیا شاہد رند پریس کانفرنس کررہے ہیں

نورین نیازی کی دو بیٹیوں کو ملاقات کی اجازت مل گئی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے نورین نیازی کی دو بیٹیوں کو کل ملاقات کی اجازت دے دی۔ ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی اور ملاقات کے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے 4 نومبر کو ڈی سی لاہور کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے نظر بندی کی درخواست پر جواب بھی طلب کرلیا۔

دہشتگرد آقاؤں کے اشاروں پر بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، پاک فوج

کے پی میں کوئی بھی شخص انسداد دہشتگردی کے آپریشنز کیخلاف نہیں، وہی لوگ انسداد دہشتگردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر کا انٹرویو

ہمارے پاس دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشتگردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے برطانوی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو کی مزید تفصیلات سامنے آ گئیں ان کا کہنا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک واضح اور جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس کا بنیادی مقصد ملک کے اندر موجود دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کا خاتمہ ہے۔ پاکستان اپنی داخلی سلامتی کے مسائل کی ذمہ داری کسی دوسرے ملک پر ڈالنے کے بجائے انہیں خود حل کرنے پر یقین رکھتا ہے، تاہم افغانستان دہشت گردوں کا بنیادی مرکز ہے جہاں ان کی قیادت، تربیتی کیمپ اور پاکستان میں حملوں کے لیے لانچ پیڈز موجود ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمت عملی، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور دہشت گردی کے علاقائی عوامل پر تفصیلی گفتگو کی۔ لیفٹیننٹ جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سعودی عرب کے قریب خلیج میں آئل ٹینکر پر پروجیکٹائلز سے حملہ

یمنی افواج کا 24 گھنٹوں میں 500 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک وزخمی کرنے کا دعویٰ

ریاض، صنعا (آن لائن) سعودی عرب کے مشرقی ساحل کے قریب خلیج میں سفر کرنے والے ایک ٹینکر کو دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے نشانہ بنایا گیا، واقعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

public of China
bad (ISSI)
اسلام آباد نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرول پر مزید ریلیف دینے کا فیصلہ

نئے فارمولے کے تحت پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا ہوسکتا ہے، عالمی منڈی میں پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے باوجود عوام کو ریلیف دیا، حکومت

وزیراعظم کی سخت ہدایت پر 15 روپے فی لیٹر قیمت کو نہیں بڑھنے دیا گیا، اب تک 27 ارب روپے پیٹرول ریلیف کی مد میں دیے جا چکے ہیں، وفاقی وزراء علی پرویز ملک، عطاء اللہ تارڑ

پاکستانی عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے، آئل ریفائنریز کیساتھ آج کی نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، عوام کو پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہونگے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا ہوسکتا ہے، عوام کو ریلیف دینا وزیراعظم کی ترجیح ہے، آئل ریفائنریز کے ساتھ (آج) منگل کو نشست میں تمام امور پر گفتگو ہوگی، آئل ریفائنریز کے تعاون سے عوام کو پیٹرول 15 روپے فی لیٹر سستا فراہم کرنے کے قابل ہوں گے۔ پیر کو یہاں وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اپوزیشن کا مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل لانے کا اعلان

خان آف قلات کا بیٹا بھی محفوظ نہیں تو عام شہری کیسے ہوں گے، اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے ایک اہم اور سنسنی خیز انٹرویو دیتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی ابتر صورتحال، مدارس بل اور معدنیات کے قوانین کے حوالے سے صوبائی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

فضول ریویو درخواست پر تادیبی کارروائی ہوسکتی ہے، آئینی عدالت

ریویو درخواستیں معمول کے طور پر دائر کرنیکی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے، وکلا صرف حقیقی جائز بنیاد موجود ہونے پر ریویو درخواستیں دائر کریں

سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اگر قانون و آئین سے ہم آہنگ ہو تو ایف سی سی اسے اختیار کرسکتی ہے، ریویو کا دائرہ اختیار انتہائی محدود ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی آئینی عدالت نے اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں سے رہنمائی لے سکتی ہے، آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت کے فیصلے میں قرار دیا گیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کو فیڈرل آئینی عدالت کے لیے صرف قائل کرنے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بلوچستان ہائی کورٹ نے پی بی 42 کوئٹہ کی انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان ہائی کورٹ نے حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے متعلق انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل کو نوٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کوریائی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

معیشت میں بہتری اور روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو قرضوں کی آسان فراہمی کیلئے رسک کوریج کی جامع حکمت عملی مرتب کی جائے

چھوٹے درجے کے کاروبار معیشت کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنیکی بھرپور استعداد رکھتے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر خزانہ کو ایس ایم ای سیکٹر، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبے کے اسٹیک ہولڈرز فنانسنگ سے متعلق مسائل حل کرنے اور جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاؤسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات، سہیل آفریدی کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سہیل آفریدی کیخلاف ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات کے کیس میں عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم شروع، 8 نومبر تک جاری رہے گی

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جو 8 نومبر تک جاری رہے گی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ہنگو، سگے بھائی کی فائرنگ، خاندان کے 6 افراد جاں بحق

فائرنگ کے بعد فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تلاش شروع کردی

ہنگو (آن لائن) ہنگو میں گھر کے اندر فائرنگ سے خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ دوآبہ کی حدود میں واقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل

بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں، اخونزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ہزارہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی، 4 کلو گرام چرس برآمد، ملزم گرفتار کرلیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایچ او تھانہ ہزارہ ٹاؤن تنویر احمد باجوہ نے کہا ہے کہ ایس پی آپریشنز ضیاء مندوخیل کی نگرانی اور ڈی ایس پی/ایس ڈی پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جام کمال خان کامسیک کے 42ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

استنبول (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی قائمہ کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

چائنہ کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے، اسحاق ڈار

ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنیکا سلسلہ جاری رکھیں گے، چین کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ کے ہمراہ خطاب

چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے، پاکستان، چین کے درمیان سیاسی مشاورت کا میکانزم موجود ہے

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنہ کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے، چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پی ٹی آئی کارکنان کی گرفتاریوں کا معاملہ آئینی عدالت پہنچ گیا

چیف جسٹس امین الدین کی سربراہی میں دو رکنی بینچ جمعرات کو سماعت کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کارکنان کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاریوں کا معاملہ وفاقی آئینی عدالت پہنچ گیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے تھری ایم پی او کی درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کر دیں۔ چیف جسٹس امین الدین کی سربراہی میں دو رکنی بینچ جمعرات کو سماعت کرے گا، بینچ میں جسٹس علی باقر نجفی بھی شامل ہوں گے۔ پشاور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا ملک سے باہر ہے، ہمارا کوئی کنٹرول نہیں، سلمان اکرم

یہ عمارتیں، یہ قانون ایک جھانسہ ہے، اگر یہ سب ملکر ایک قیدی تک رسائی نہیں دلوا سکتے تو انکا کیا فائدہ ہے، میڈیا سے گفتگو

عدالتیں بے بس ہیں، انصاف نہیں دے سکتیں، بانی سے ملاقات کے بغیر 28ویں ترمیم سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کرسکتے

لاہور (آن لائن) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا ملک سے باہر ہے اور ان پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں ہے، آج عدالتیں بے بس ہیں، جو انصاف بھی نہیں دے سکتیں۔ لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

چینی صدر کا مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی پر تشویش کا اظہار

مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطہ عالمی طاقتوں کی کشمکش کا میدان نہیں بننا چاہئے، صدر شی

بیجنگ (آن لائن) چین نے مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطے میں بڑھتی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تنازعات سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیا ہے، غیرملکی میڈیا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطہ عالمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

طالبان کی پناہ گزینوں کو پاکستان بھیجنے کے منصوبے پر تنقید

امریکہ اس معاملے میں ذمہ دارانہ اور متوازن رویہ اختیار کرے، ضیا احمد تکل

کابل (آن لائن) افغان طالبان حکومت نے ان رپورٹس پر تشویش کا اظہار کیا ہے جن کے مطابق امریکہ زیر حراست افغان پناہ گزینوں کو پاکستان بھیجنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق طالبان حکومت کی وزارت خارجہ کے شعبہ تعلقات عامہ و مواصلات کے سربراہ ضیا احمد تکل نے کہا کہ اسلامی امارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

وزارتِ صحت اور صحت کہانی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے دائرہ کار کو وسعت دی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزارت صحت اور معروف ڈیجیٹل ہیلتھ ٹیک اینڈ ٹیلی میڈیسن ادارے صحت کہانی کے درمیان ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے فروغ اور دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

تہران میں پاکستانی سفیر پر مبینہ حملے کی رپورٹس بے بنیاد ہیں، پاکستانی سفارتخانہ

تہران (آن لائن) ایران میں پاکستان کے سفارتخانے نے پاکستان کے ایران میں سفیر عمران احمد صدیقی پر مبینہ حملے کے بارے میں گردش کرنیوالی بعض خبروں کا نوٹس لیا ہے۔ سفارتخانے نے واضح طور پر کہا ہے کہ یہ رپورٹس بے بنیاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

گوادر میں ہلاک دہشت گرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس، ندامت کا اظہار

گوادر (آن لائن) گوادر میں سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد شکیل احمد کے بھائی اور والد نے پریس کانفرنس میں ندامت کا اظہار کیا ہے۔ پنجگور کے علاقے پروم کے رہائشی محمد حیات نے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کلریکل اسٹاف سرکاری نظام کا اہم حصہ ہے، نسیم الرحمٰن ملاخیل

سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، صوبائی مشیر ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کلرکس سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سرکاری افسران کیلئے ڈیجیٹل گورننس اور اے آئی کورس کا آغاز

ڈیجیٹل گورننس تربیتی کورس: ** بہتر طرز حکمرانی اور عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی پر زور

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروس اکیڈمی (BCSA) نے 'اکاؤ ٹیلی جنس لیب پاکستان' کے اشتراک سے مختلف صوبائی محکموں کے سرکاری افسران کے لیے ڈیجیٹل گورننس کے عنوان سے پیر کے روز تین روزہ تربیتی کورس کا آغاز کر دیا ہے۔ اس کورس کا مقصد 'ڈیجیٹل گورننس' اور سرکاری امور میں 'آرٹیفیشل انٹیلی جنس' (مصنوعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے بنگلہ دیشی وزیراعظم کے مشیر خزانہ راشد المحمود وفد ملاقات کر رہا ہے

کوششوں کے باوجود ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہیں ملی، بیرسٹر گوہر

مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی مگر ہماری ملاقات نہیں کرائی گئی، بیان

بیرسٹر سیف کا یہ کہنا بے بنیاد ہے کہ آفر کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی، تمام دعوؤں کو بھی مسترد کرتا ہوں

پشاور (آن لائن) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکرات کیلئے خان تک رسائی شرائط میں سے ایک تھی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہے ہیں، بیرسٹر سیف کا یہ کہنا بے بنیاد ہے کہ آفر کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی، انٹرویو کے دوران بیرسٹر سیف کے تمام دعوؤں کو بھی مسترد کرتا ہوں، ان کے تمام دعوے جھوٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے، بلاول بھٹو

آئین ہر شہری کو آزادی اظہار کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے اور اس حق کا تحفظ ایک جمہوری ریاست کی آئینی و اخلاقی ذمہ داری ہے

پاکستان پیپلز پارٹی آزادی صحافت، آزادی اظہار اور صحافیوں کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار کرنا سچ اور انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جبکہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کو سزا سے بچنے دینا عوام کے حق آگاہی کو خاموش کرنے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں، مصدق ملک

دنیا کے حوالے سے گلوبل ویلج کا تصور اب تبدیل ہوگیا ہے، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کا کہنا ہے کہ اس سال غریب ممالک کو ملنے والے فنڈز میں 23 فیصد کمی ہوئی۔ دنیا کے حوالے سے گلوبل ویلج کا تصور اب تبدیل ہوگیا ہے۔ اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ امیر ممالک کے لیے شرح سود 2.3 فیصد جبکہ غریب ممالک کیلیے 5 فیصد ہے۔ تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

Pakistan
WATER WEEK 2026
Inaugural Session
unesco
WaPOR
اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی پاکستان واٹر ویک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غزہ کے علاقوں میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید ہوگئے

غزہ (آن لائن) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہو گئے۔ خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر حملے جاری ہیں۔ کمپلیکس کے ایک طبی ذریعے نے بتایا کہ خان یونس کے مغرب میں واقع المواسی پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک اور ایک خاتون اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج

انفرادی ٹیکس دہندگان کو لسٹ میں واپسی کیلئے 25 ہزار روپے سرچارج دینا ہوگا، ایف بی آر

اسلام آباد (آن لائن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سال 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی۔ 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام لسٹ سے خارج کر دیئے گئے۔ ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے محض ریٹرن فائل کر کے ایکٹو ٹیکس پیئرز نہیں بن سکیں گے۔ لسٹ میں واپسی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان میں مہنگائی کی سالانہ شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں اکتوبر 2026 کے دوران مہنگائی کی شرح میں ماہانہ بنیادوں پر 1.08 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر 2025 کے مقابلے میں اکتوبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 9.61 فیصد زیادہ رہی، جبکہ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران اوسط مہنگائی کی شرح 10.05 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق اکتوبر میں شہری علاقوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

استنبول، پاکستان کے قونصل جنرل خواجہ خرم نعیم سے وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد
مستونگ
استمان

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔ 0333-7999560 فون نمبر۔ 081-2443797

حکومت اور فوج دہشتگردی کیخلاف ایک پیج پر

پاکستان کی سلامتی، بقا اور خود مختاری کے خلاف سرگرم داخلی و خارجی دشمنوں کو کچلنے کے لیے اس وقت ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت مکمل طور پر ایک پیج پر ہے، جس کی بدولت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تاریخی اقدامات دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ حال ہی میں خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی اور بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ میں سکیورٹی فورسز کے انتہائی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جب ملک کے سیاسی فیصلے اور عسکری قوت ایک ہی وژن پر متحد ہوں تو دشمن کو چھپنے کی جگہ نہیں ملتی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق، 24 اکتوبر 2026 کو ڈیرہ اسماعیل خان کے زرکانی میں خوارج کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 6 انتہائی خطرناک اور سفاک دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا جو بھارتی سرپرستی میں ملک میں تباہی پھیلانے کا ایجنڈا لے کر آئے تھے۔ یہ خوارج معصوم شہریوں کے قتلِ عام، اغوا برائے تاوان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں کے متعدد واقعات میں ملوث تھے۔ ان کے پاس سے ملنے والا بھاری مقدار میں جدید ترین اسلحہ اور بارود یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ ایک منظم نیٹ ورک کا حصہ تھے، جسے پاک فوج کی نڈر کارروائی اور حکومت کی فعال انٹیلی جنس پالیسی نے بروقت خاک میں ملا دیا۔ اس کامیاب اور جرات مندانہ کارروائی کے دوران وطنِ عزیز کے دو غیور اور بہادر سپوتوں نے مادرِ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جامِ شہادت نوش کیا۔ بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے 36 سالہ نائیک غلام مرتضٰی، جن کا تعلق ضلع گجرات سے تھا، اور 30 سالہ سپاہی تاثیر احمد، جن کا تعلق ضلع تلہ گنگ سے تھا، نے اپنے خون سے شجاعت کی ایک ایسی لازوال داستان رقم کی ہے جس پر پوری قوم کو ناز ہے۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے ان شہدا کی قربانی کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا ہے کہ گجرات اور تلہ گنگ کے ان سپوتوں کا لہو پاکستان کی بقا کی ضمانت ہے اور ان کے خاندانوں کی دیکھ بھال ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ سکیورٹی فورسز کے ان جوانوں کا یہ عظیم جذبہ دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر ہاتھوں میں ہے اور جب تک ایسے جانثار وطن کی سرحدوں کے نگہبان ہیں، کوئی بھی دشمن یا غیر ملکی پراکسی اس ملک کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ شہدا کا یہ مقدس خون حکومت اور پاک فوج کے اس عزم کو مزید جلا بخشتا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے بغیر چین سے نہیں بیٹھا جائے گا۔ دوسری جانب، سکیورٹی فورسز نے ایک اور شاندار کارروائی کے دوران بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ میں فتنہ الخوارج کے ایک اور انتہائی مطلوب اور اہم ستون، دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش کو جہنم واصل کر کے ملک دشمنوں کی کمر توڑ دی ہے۔ ہلاک ہونے والا یہ سفاک کمانڈر دسمبر 2020 سے اس فتنہ انگیز گروہ کا حصہ تھا اور 2024 سے دہشت گرد تنظیم کے تمام تر مالی معاملات اور نیٹ ورکنگ کی نگرانی کر رہا تھا۔ وہ بلوچستان میں دہشت گردی کے لیے بیرونی فنڈنگ حاصل کرنے اور اسے معصوم لوگوں کے قتل پر خرچ کرنے کا مرکزی کردار تھا، جس کے خلاف انسدادِ دہشت گردی کی عدالتوں میں متعدد مقدمات درج تھے اور اس کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر تھی۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف کی ذاتی نگرانی میں کام کرنے والے مالیاتی اور انٹیلی جنس اداروں نے پاک فوج کے ساتھ مل کر اس فنانشل نیٹ ورک کو بے نقاب کیا، جس کے بعد اس کمانڈر کا خاتمہ ممکن ہوا۔ عادل شاہ کی ہلاکت فتنہ الخوارج کے مالیاتی اور تنظیمی ڈھانچے کے لیے ایک ایسا ہولناک دھچکا ہے جس سے بلوچستان میں بیرونی طاقتوں کے بل بوتے پر چلنے والا تخریب کاری کا نیٹ ورک زمین بوس ہو گیا ہے۔ ان دونوں آپریشنز کے شاندار نتائج پر صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے اپنے خصوصی پیغام میں واضح کیا کہ حکومت اور پاک فوج کے درمیان مثالی ہم آہنگی اور "ایک پیج" پر ہونے کی بدولت ہی ملک دشمن عناصر کو چن چن کر نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق، قومی ایکشن پلان کی ہدایات کے تحت اور وزیرِ اعظم کے وژن "عزمِ استحکام" کے مطابق سکیورٹی فورسز کی انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیاں پوری رفتار اور بلاتفریق جاری رہیں گی۔ وژن "عزمِ استحکام" دراصل وزیرِ اعظم شہباز شریف کی حکومت کی وہ قومی سکیورٹی پالیسی ہے جس کی پاک فوج مکمل توثیق اور عملی پشت پناہی کر رہی ہے۔ اس وژن کا مقصد نہ صرف فرنٹ لائن پر دہشت گردوں کا خاتمہ کرنا ہے بلکہ ان کے سیاسی، فکری اور معاشی سہولت کاروں کو بھی قانون کی گرفت میں لانا ہے تاکہ ملک کے اندر سے انتہا پسندی کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کیا جا سکے۔ پاکستان کے خلاف مسلط کی گئی یہ جنگ دراصل سرحد پار سے آپریٹ ہونے والی ایک گہری پراکسی وار ہے، جس کا بنیادی مقصد پاکستان کی معیشت، ترقیاتی منصوبوں اور اندرونی استحکام کو ڈی ریل کرنا ہے۔ تاہم، وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ جمہوری حکومت اور آرمی چیف کی سربراہی میں پاک فوج کا ایک پیج پر ہونا دشمن کے لیے سب سے بڑا ڈراؤنا خواب بن چکا ہے۔ حکومت عسکری قیادت کو تمام درکار وسائل، آپریشنل آزادی اور سیاسی و سفارتی مدد فراہم کر رہی ہے، جس کے نتیجے میں زرکانی اور قلعہ سیف اللہ جیسے کامیاب آپریشنز دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ نائیک غلام مرتضٰی شہید اور سپاہی تاثیر احمد شہید جیسے ہیروز کی قربانیاں اور وزیرِ اعظم کا غیر متزلزل سیاسی عزم اس بات کی نوید ہیں کہ پاکستان بہت جلد دہشت گردی کے اس بادل سے مستقل طور پر نکل کر امن اور معاشی خوشحالی کی نئی سحر دیکھے گا۔ پوری قوم اپنی مسلح افواج اور حکومتی قیادت کے اس مضبوط اتحاد کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور "عزمِ استحکام" کے تحت یہ مشترکہ سفر کامیابی کی آخری منزل تک پوری قوت سے جاری رہے گا۔

پاسپورٹ کا رنگ کیا انسانی عظمت کا معیار ہے؟

وطن عزیز میں بڑھتی کمر توڑ مہنگائی، بے روزگاری، معاشی بحران، روز افزوں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات اور سیاسی عدم استحکام سے دل پہلے ہی سخت

تحریر: طاہر جمیل نورانی

پریشان تھا کہ پہلے سے مراعات یافتہ طبقہ کے ایک اور نئے مطالبہ کی فوری توثیق سے دل مزید غمزدہ اور سوچوں کا شیرازہ مزید بکھر گیا ہے۔ یہ نیا مطالبہ کیا ہے؟ اس پر آگے چل کر میں اس سوچ میں گم ہو گیا ہوں کہ قیام پاکستان کا بنیادی تصور جو بانی پاکستان محمد علی جناح اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال نے دیا، 79 برس گزر جانے کے باوجود ہمارے سیاست دان اور حکمران اس پر کیوں عمل پیرا نہ ہو سکے؟ قائداعظم محمد علی جناح نے تو اپنی جنوری 1948ء میں کی گئی تقریر میں ہی اس امید کا اظہار کر دیا تھا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان جلد ہی دنیا کی ایک عظیم مگر باوقار مملکت بن جائے گا۔ قائداعظم نے فرمایا: "مجھے یقین کامل ہے کہ آپ اپنے رویوں اور طرز عمل سے پاکستان کو کبھی نیچا نہیں ہونے دیں گے، خدمت کی بہترین روایات کو قائم رکھتے ہوئے آپ دنیا کی عظیم قوم کی حیثیت سے پاکستان کی عزت و وقار کو ہمیشہ سربلند اور سرفراز کریں گے۔" مگر افسوس، صد افسوس! کہ آزادی وطن کا ایک طویل عرصہ گزارنے کے باوجود قوم پر مسلط کئے مفاد پرست سیاست دان اور حکمران پاکستان کو حقیقی اسلامی ریاست بنا سکے اور نہ ہی ملک میں جمہوری نظام کا نفاذ ہو سکا۔ وعدہ کیا گیا کہ اقلیتوں کو تحفظ! اور اردو زبان کو بطور قومی زبان سرکاری حیثیت دی جائے گی، اسی طرح بیت المال کے تصور کو رائج کیا جائے گا، غریب اور دیہاڑی دار کی روزی کا بندوبست ہوگا، مگر افسوس! عوام کی تمام تر خواہشات اور امنگوں کو خود غرضی کی بھینٹ چڑھا دیا گیا اور یوں قوم آج بے یار و مددگار دکھائی دے رہی ہے۔ قوم کو اپنے حکمرانوں، سیاست دانوں اور ارکان اسمبلی سے توقعات تھیں کہ ایک عام آدمی کے مالی و معاشی حالات میں جہاں استحکام اور بہتری آئے گی وہیں ملک کی مجموعی حالت پر بھی غیر معمولی مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ مگر افسوس! عوام اور بالخصوص سفید پوش طبقہ بری طرح کسمپرسی، غربت اور مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے جبکہ دوسری جانب مراعات یافتہ سرکاری، نیم سرکاری طبقے اور اعلیٰ عوامی شخصیات نے مزید مراعات کے حصول کیلئے اپنی خواہشات کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ 19 اکتوبر 2026ء کو پاکستان کی سینٹ نے ایک ایسا بل منظور کیا ہے جس کے تحت ارکان سینٹ کو بھی PASSPORTBLUE کی اب لائف ٹائم سہولتیں میسر ہونگی۔ "بلیو پاسپورٹ" ہوتا کیا ہے؟ زیادہ تر لوگ اس کے بارے میں مکمل معلومات نہیں رکھتے۔ بنیادی طور پر "بلیو پاسپورٹ" محض ایک سفری دستاویز نہیں بلکہ اسے ایک خاص سرکاری حیثیت کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ یہ پاسپورٹ مخصوص اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز افراد اور قواعد کے تحت صرف ان اہل افسران کو دیا جاتا ہے جنہیں اپنی سرکاری ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لئے بیرون ملک سفر کی سہولیات میسر ہوتی ہیں۔ مگر ہمارے ہاں سب سے زیادہ افسوسناک پہلو یہ کہ بعض اوقات سرکاری سہولتوں کو عوامی خدمت کے بجائے "ذاتی مرتبے" اور امتیازی کی علامت بنا دیا جاتا ہے۔ حالانکہ کسی بھی عہدے یا سرکاری دستاویز کی اصل اہمیت اس سے وابستہ ذمہ داریوں میں ہوتی ہے۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ پاسپورٹ کا رنگ کسی انسان کی اصل عظمت کا ہرگز معیار نہیں بلکہ اصل وقار دیانت داری، خدمت خلق اور قومی ذمہ داریوں کو ایمانداری اور احسن طریقے سے نبھانے میں پنہاں ہے۔ اسی طرح کسی ملک و قوم کے وقار اور عزت کا اندازہ کسی خاص رنگ کے پاسپورٹ سے نہیں، بلکہ قومی کردار اور عمل سے لگایا جاتا ہے۔ اگلے روز ہوا یوں کہ پاکستان سینٹ کے ایک قابل احترام رکن عبدالقادر صاحب نے سینٹ میں پاسپورٹ ایکٹ ترمیمی بل پیش کرتے ہوئے یہ تجویز بھی پیش کر دی کہ قومی اسمبلی اور سینٹ کے ان تمام پارلیمنٹیرین سمیت جو عوامی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ان کار اکین کو بھی جو سینٹ یا اسمبلی کی مدت پوری نہیں کر پائے، بلیو پاسپورٹ کا مبینہ طور پر حق دار ٹھہرایا جائے۔ اس دی گئی تجویز کا دائرہ کار اگر یہاں تک ہی رہتا تو بھی اس "خواہش" پر "ٹیبل ٹاک" ہو سکتی تھی مگر مجھ تک میرے ذرائع نے جب یہ خبر پہنچائی کہ سینٹ میں پیش کردہ تجویز میں ارکان پارلیمنٹ کے بچوں کو بھی مبینہ طور پر بلیو پاسپورٹ جاری کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی۔ ذرائع کے مطابق سابق پارلیمنٹیرین کے زیر کفالت ان بچوں کو جن کی عمر 28 سال سے کم ہے، "نیلا پاسپورٹ" دینے کی تجویز شامل تھی تاہم یہ بل سینٹ میں حکومتی ارکان کی مخالفت کے بعد مبینہ طور پر واپس لے لیا گیا تھا۔ اب 19 اکتوبر 2026ء کے بل کی صورتحال کا اگر عمیق نظری سے جائزہ لیا جائے تو سینٹ نے یہ بل منظور کر لیا ہے جس کے تحت سابق ایم این ایز اور سینیٹرز اپنی مدت ملازمت مکمل نہ کرنے کے باوجود بلیو سرکاری پاسپورٹ برقرار رکھ سکیں گے۔ بشرطیکہ مقررہ شرائط پوری ہوں تاہم یہ بل ابھی قومی اسمبلی سے منظور ہونا باقی ہے اس لئے ذہن میں رہے کہ اس بارے میں ابھی حتمی قانون نافذ نہیں ہوا۔ قومی اسمبلی اس بل کی اگر توثیق کرتی ہے تو اس کے بعد اگلا مرحلہ قانون بننے کا ہوگا۔ اس بات کو بھی ذہن میں رکھیں کہ میرے ذرائع کے مطابق ملک میں بلیو پاسپورٹوں کی تعداد پہلے 75 ہزار کے قریب تھی جسے کم کر کے اب 45 ہزار اس لئے کر دیا گیا ہے تاکہ ان سرکاری پاسپورٹوں کی غیر ضروری تعداد اور ان کے غلط استعمال سے دیگر ملکوں کے ساتھ ہونے والے "ویزہ چھوٹ" معاہدوں کی رفتار میں استحکام پیدا کیا جا سکے۔ برطانیہ سمیت دنیا بھر میں جاری عام پاسپورٹوں، سرکاری پاسپورٹوں اور ڈپلومیٹک پاسپورٹوں کے بارے میں اگلے روز میں نے اپنے ایک ماہر سفید فام دوست سے جاننا چاہا تو اس کا کہنا تھا کہ مذکورہ پاسپورٹوں کے اجراء میں بظاہر تو کوئی رکاوٹ نہیں مگر بعض ترقی پذیر ممالک میں عوامی اور سرکاری پاسپورٹوں کی درجہ بندی کی بنا پر عوام احساس کمتری سے دوچار ہیں۔ ہر شہری کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے بھی اعلیٰ افسروں کی طرح نیلا پاسپورٹ ملے مگر بعض ملکی قوانین اس بات کی انہیں اجازت نہیں دیتے کہ "بلیو پاسپورٹ" اور ڈپلومیٹک پاسپورٹ سرکاری اداروں کے سرکاری افسران کا ہی حق ہے جسے دوران سروس وہ بیوروکریسی کے مابین بھی وہ بنیادی معاملہ ہے جس سے اعتماس کی بحالی متاثر ہوتی ہے۔ دوست کی یہ باتیں سننے کے بعد میں اب اس سوچ میں گم ہوں کہ ملک مقروض، لا اینڈ آرڈر کے مخدوش حالات جبکہ عوام کو تو بجلی، گیس، پٹرول اور دو وقت کی روٹی کے حصول کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور دوسری جانب اسی عوام کے ووٹوں سے اسمبلیوں اور سینٹ میں پہنچنے والے معزز ارکان پارلیمنٹ اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اپنے اور اپنے بچوں کے اعلیٰ مستقبل کے لئے مزید اضافی مراعات کی توقعات وابستہ کئے ہوئے ہیں۔

تحریکِ انصاف کا بے لاگ سیاسی تجزیہ

تحریک انصاف آج کل اندرونی خلفشار کا شکار ہے لازم ہے کہ بے لاگ تجزیہ کیا جائے پاکستان تحریک انصاف کا سیاسی مستقبل محض عمران خان کی رہائی، جلسوں کی تعداد یا حکومت مخالف احتجاج سے وابستہ نہیں بلکہ اس کا تعلق پاکستان کے مجموعی سیاسی ماحول، ریاستی اداروں کے ساتھ تعلقات عوامی مسائل کے حل اور جماعت کی

تحریر: قیوم نظامی

تنظیمی حکمت عملی سے بھی ہے۔ پاکستان کی سیاست میں تحریک انصاف ایک اہم سیاسی قوت کے طور پر سامنے آئی ہے لیکن اس کے لیے بنیادی سوال یہ ہے کہ وہ اپنی عوامی حمایت کو کس طرح ایک موثر منظم اور پائیدار سیاسی عمل میں تبدیل کرتی ہے۔ جماعتی تنظیم کے بغیر سیاسی سرگرمیوں کو فعال طور پر جاری رکھنا ممکن نہیں ہوتا تحریک انصاف کی سیاست میں عمران خان کی شخصیت مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی مقبولیت اور سیاسی بیانیے نے جماعت کے حامیوں کو متحرک رکھنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ تاہم کسی بھی سیاسی جماعت کی طویل مدتی بقا کے لیے ضروری ہے کہ اس کی تنظیم قیادت پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کا نظام کسی ایک شخصیت تک محدود نہ رہے۔ تحریک انصاف کو ایسا جمہوری تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں دوسری اور تیسری صف کی قیادت تیار ہو سیاسی کارکنوں کی تربیت ہو اور اختلاف رائے کو جماعتی کمزوری کے بجائے اصلاح کا ذریعہ سمجھا جائے

تحریک انصاف نے احتجاج جلسوں لانگ مارچ اور عوامی رابطوں کے ذریعے اپنی سیاسی موجودگی برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ احتجاج جمہوری سیاست کا آئینی حق ہے لیکن اس کی کامیابی کا پیمانہ صرف شرکاء کی تعداد نہیں ہونا چاہیے۔ اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ احتجاج سے سیاسی مذاکرات کا راستہ کھلتا ہے یا نہیں عوامی مسائل اجاگر ہوتے ہیں یا نہیں اور آئینی و جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے میں کیا پیش رفت ہوتی ہے۔ اگر سیاسی مزاحمت مسلسل محاذ آرائی میں تبدیل ہو جائے تو سیاسی نظام میں کشیدگی بڑھ سکتی ہے۔ اس کے برعکس اصولی موقف پر قائم رہتے ہوئے مذاکرات اور پارلیمانی سیاست کو بروئے کار لانا سیاسی مسائل کے حل کے امکانات پیدا کر سکتا ہے۔ پاکستان میں سیاسی استحکام کے لیے حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داریاں ہیں۔ حکومت کو اختلاف رائے پُرامن احتجاج اور سیاسی آزادیوں کے آئینی حقوق کا احترام کرنا چاہیے جبکہ اپوزیشن کو بھی پارلیمان عدالتوں اور پُرامن سیاسی جدوجہد کے ذریعے اپنے مطالبات آگے بڑھانے چاہئیں۔ سیاسی اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنا کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں۔ تحریک انصاف کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے مطالبات واضح قابل عمل اور آئینی بنیادوں پر مرتب کرے۔ انتخابات کی شفافیت سیاسی مقدمات میں قانون کے مطابق کارروائی شہری آزادیوں کا تحفظ اور سیاسی قیدیوں کے معاملات جیسے موضوعات پر اصولی اور قانونی موقف اپنایا جائے۔ ان معاملات میں ہر دعوے اور الزام کا فیصلہ شواہد اور متعلقہ قانونی عمل کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ کسی سیاسی جماعت کی طاقت صرف اس کی مرکزی قیادت نہیں بلکہ اس کے کارکن مقامی تنظیمیں پالیسی ماہرین اور عوام کے ساتھ مستقل رابطہ بھی ہوتے ہیں۔ تحریک انصاف کو اپنے اندر مشاورت شفاف فیصلوں باقاعدہ تنظیمی انتخابات اور کارکنوں کی موثر نمائندگی کو فروغ دینا ہوگا۔ خواتین نوجوانوں محنت کشوں کسانوں اقلیتوں اور متوسط طبقے کے مسائل کو جماعتی پالیسی میں مناسب جگہ دینا بھی ضروری ہے۔ اس کے ساتھ جماعت کو اپنی معاشی تعلیمی صحت روزگار اور بلدیاتی اصلاحات کی تجاویز واضح کرنا ہوں گی۔ عوام کو صرف یہ بتانا کافی نہیں کہ موجودہ نظام میں کیا خرابیاں ہیں؛ انہیں یہ بھی بتایا جانا چاہیے کہ متبادل نظام کس طرح کام کرے گا اور اس کے نتائج جانچنے کا طریقہ کیا ہوگا۔ سیاسی مستقبل کے لیے پانچ بنیادی اقدامات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے نمبر 1 سیاسی مذاکرات: حکومت اور اپوزیشن کے درمیان آئینی مسائل پر بامقصد اور نتیجہ خیز مذاکرات کی حمایت۔ نمبر 2 انتخابی شفافیت: انتخابی عمل نتائج شکایات اور تنازعات کے حل کے لیے قابل اعتماد قانونی طریقہ کار پر زور۔ نمبر 3 پارٹی کے اندر جمہوریت: قیادت کی تیاری کارکنوں کی نمائندگی اور اختلاف رائے کے احترام کو یقینی بنانا۔ نمبر 4 عوامی مسائل پر توجہ: مہنگائی بے روزگاری تعلیم صحت اور مقامی حکومتوں کے مسائل پر قابل پیمائش پالیسی پیش کرنا۔ نمبر 5 پُرامن سیاسی جدوجہد: آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے پُرامن احتجاج پارلیمانی عمل اور قانونی ذرائع کو موثر انداز میں استعمال کرنا۔ تحریک انصاف کے سیاسی مستقبل کا جائزہ لیتے وقت کسی حتمی پیش گوئی کے بجائے ان عوامل کو دیکھنا ضروری ہے جو اس کی سیاست اور پاکستان کے جمہوری نظام پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ عمران خان کی قیادت جماعت کی تنظیمی صلاحیت حکومت کے ساتھ تعلقات عدالتی و انتخابی معاملات اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پیش کردہ پروگرام اس بحث کے اہم پہلو ہیں۔ پاکستان کو ایسی سیاست کی ضرورت ہے جس میں سیاسی جماعتیں اقتدار کے حصول کے ساتھ ساتھ آئین کی بالادستی قانون کی حکمرانی شفاف انتخابات اور عوامی فلاح کو بھی اپنا بنیادی مقصد بنائیں۔ تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے لیے اصل امتحان یہی ہے کہ وہ اختلاف کو تصادم کے بجائے مکالمے شخصی سیاست کو ادارہ جاتی جمہوریت اور نعروں کو قابل عمل پالیسیوں میں کس حد تک تبدیل کرتی ہیں۔

تھپڑ سے ڈر نہیں لگتا صاحب!

لاہور کی سڑکوں پر چند روز کے وقفے سے پیش آنے والے دو واقعات محض تشدد کی خبریں نہیں، بلکہ ہمارے اجتماعی رویوں، سماجی تربیت، قانون کی عمل داری اور انصاف کے تصور پر ایک بڑا سوالیہ نشان

تحریر: منیر احمد

ہیں۔ ایک طرف سکوٹی پر سفر کرتی ایک لڑکی کو راستے میں روک کر تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے جبکہ دوسری طرف پیٹرول پمپ پر اپنے فرائض انجام دینے والے ایک محنت کش کو محض سگریٹ نوشی سے منع کرنے پر مبینہ تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دونوں واقعات کی ویڈیوز سامنے آنے کے بعد عوامی غم و غصہ فطری ہے۔ لیکن ان واقعات کے پس منظر میں چھپا ہوا سوال اس سے کہیں زیادہ سنگین ہے کہ کیا ہمارے معاشرے میں کسی انسان کی عزت، جان اور تحفظ کا انحصار اس بات پر رہ گیا ہے کہ اس کے سامنے کھڑا شخص کتنا بااثر، دولت مند یا طاقت ور ہے؟؟؟ مزنگ لنک روڈ پر پیش آنے والے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں ایک موٹر سائیکل سوار شخص سکوٹی پر جانے والی لڑکی کو روکتا اور اس پر تشدد کرتا دکھائی دیتا ہے۔ لڑکی زمین پر گر جاتی ہے مگر تشدد کرنے والا شخص باز نہیں آتا۔ قارئین یہ منظر صرف ایک خاتون پر جسمانی حملے کی عکاسی نہیں کرتا بلکہ اس خوف کی بھی علامت ہے جو ہماری سڑکوں پر خواتین کے تحفظ کے حوالے سے موجود ہے۔ ایک لڑکی گھر سے نکلتے ہوئے یہ توقع رکھتی ہے کہ وہ اپنی منزل تک عزت اور تحفظ کے ساتھ پہنچے گی اسے یہ خوف نہیں ہونا چاہیے کہ کوئی اجنبی محض اپنی مرضی مسلط کرنے، راستہ روکنے یا اپنی نام نہاد برتری ثابت کرنے کے لیے اس پر ہاتھ اٹھا دے گا۔ سوال یہ ہے کہ آخر ایک شخص کو یہ جرات کہاں سے ملتی ہے کہ وہ کسی خاتون کو عوامی مقام پر روک کر تشدد کا نشانہ بنائے؟؟؟ کیا یہ صرف ایک فرد کے غصے کا مسئلہ ہے یا اس ذہنیت کا اظہار بھی ہے جو عورت کو ایک آزاد شہری کے بجائے اپنی مرضی کے تابع سمجھتی ہے؟؟؟ جب کوئی شخص یہ تصور کر لیتا ہے کہ وہ کسی خاتون کو روک سکتا ہے، اس سے بدتمیزی کر سکتا ہے یا اس پر ہاتھ اٹھا سکتا ہے تو مسئلہ صرف اس کے رویے کا نہیں رہتا بلکہ معاشرے میں موجود ان رویوں کا بھی بن جاتا ہے جو کسی نہ کسی صورت میں ایسے طرز عمل کو جنم دیتے یا برداشت کرتے ہیں۔ خواتین کے تحفظ کا مطلب محض یہ نہیں کہ کسی بڑے واقعے کے بعد ملزم کو گرفتار کر لیا جائے۔ حقیقی تحفظ اس وقت قائم ہوتا ہے جب خواتین کو سڑکوں، بازاروں، تعلیمی اداروں، دفاتر اور پبلک ٹرانسپورٹ میں یہ یقین ہو کہ قانون ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہیں کسی کی دھمکی، تعاقب، ہراسانی یا تشدد کا سامنا ہو تو وہ بلاخوف شکایت درج کرا سکیں اور انہیں معلوم ہو کہ ان کی شکایت کو سنجیدگی سے لیا جائے گا۔ خواتین کی آزادی اور تحفظ کسی معاشرے پر احسان نہیں ہے البتہ ایک شہری اور انسانی حق ہے۔ دوسرا واقعہ ہمارے معاشرتی رویوں کا ایک اور تلخ رخ سامنے لاتا ہے۔ پیٹرول پمپ پر کام کرنے والا ملازم اپنی ڈیوٹی انجام دے رہا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق اس نے ایک شخص کو پیٹرول پمپ پر سگریٹ نوشی سے منع کیا جس کے بعد مبینہ طور پر جھگڑا ہوا۔۔۔اور دھمکیاں دی گئیں۔ سمجھ نہیں آتا کہ اگر کوئی ملازم کسی جگہ پر حفاظتی اصولوں کی پابندی کروانے کی کوشش کرتا ہے تو اسے اپنے فرائض انجام دینے کی سزا کیوں ملنی چاہیے؟؟؟ کیا محنت کش کی عزت اور جان کی کوئی قیمت نہیں؟؟؟ کیا معمولی تنخواہ پر کام کرنے والا شخص صرف اس لیے کم تر شہری ہے کہ اس کے پاس دولت، اثر و رسوخ یا سماجی طاقت نہیں؟؟؟ ہمارے معاشرے میں اکثر طاقت کا اظہار دوسروں کو دبانے، خوف زدہ کرنے اور اپنی بات منوانے کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ بعض لوگ ملازم، دکاندار، سکیورٹی گارڈ، ڈرائیور یا کسی دوسرے محنت کش سے اس انداز میں بات کرتے ہیں جیسے اس کی کوئی عزت ہی نہ ہو۔ یہ رویہ صرف بدتمیزی نہیں بلکہ انسانی وقار کے بنیادی تصور کی نفی ہے۔ کام کرنے والا شخص کسی کا غلام نہیں ہوتا۔ وہ اپنی محنت کے بدلے روزی کماتا ہے اور اسے بھی وہی عزت، تحفظ اور قانونی حقوق حاصل ہیں جو معاشرے کے کسی دولت مند یا بااثر فرد کو حاصل ہیں۔ اسلامی تعلیمات بھی انسان کی عزت کو بنیادی اہمیت دیتی ہیں۔ قرآن مجید انسانوں کو ایک دوسرے کا مذاق اڑانے، تحقیر کرنے اور برے القاب سے پکارنے سے منع کرتا ہے۔ اسلام نے انسانی احترام، نرمی اور حسنِ سلوک کی تعلیم دی۔ اسلام میں کسی انسان کی عزت کا معیار اس کا لباس، عہدہ، دولت یا خاندانی حیثیت نہیں بلکہ اس کا کردار اور تقویٰ ہے۔ لہٰذا جو شخص اپنی دولت یا عہدے کی بنیاد پر کسی کمزور کو حقیر سمجھتا ہے وہ دراصل اخلاقی زوال کا مظاہرہ کرتا ہے۔ ان دونوں واقعات میں ایک قدر مشترک دکھائی دیتی ہے وہ یہ کہ دوسرے انسان پر اپنی طاقت مسلط کرنے کی خواہش۔ ایک واقعے میں ایک خاتون کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا جبکہ دوسرے میں ایک محنت کش کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور تشدد کا معاملہ سامنے آیا۔ متاثرہ افراد مختلف ہیں اور تو اور حالات بھی مختلف ہیں لیکن بنیادی سوال ایک ہی ہے کہ کیا ہم اختلاف، انکار یا کسی ضابطے کی پابندی کروانے کو برداشت کرنے کی صلاحیت کھو رہے ہیں؟؟؟ کیا کسی کی بات ناگوار گزرنے کا مطلب یہ ہے کہ اسے مارا پیٹا جائے، دھمکایا جائے یا اس کی تذلیل کی جائے؟؟؟ ایک مہذب معاشرے میں اختلاف کا جواب دلیل سے دیا جاتا ہے، تشدد سے نہیں۔ اگر کسی شخص کو یہ لگتا ہے کہ اس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے تو اس کے لیے شکایت، قانونی چارہ جوئی اور متعلقہ اداروں سے رجوع کرنے کے راستے موجود ہوتے ہیں۔ قانون کسی کو یہ اختیار نہیں دیتا کہ وہ خود ہی مدعی، منصف اور سزا دینے والا بن جائے۔ جس لمحے ہم ذاتی غصے کو قانون سے بالاتر کر دیتے ہیں۔ اسی لمحے انصاف اور انتقام کے درمیان فرق مٹنے لگتا ہے۔ ان واقعات کے بعد وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے پیٹرول پمپ ملازم پر تشدد کے ملزم کی زیر حراست ویڈیو شیئر کی گئی، جس میں بظاہر وہی ملازم اس شخص کو تھپڑ مارتا دکھائی دیتا ہے جس پر اس پر تشدد کا الزام ہے۔ وزیرِ اعلیٰ صاحبہ قانون سے بالاتر سمجھنے والوں کے لیے ایک زوردار طمانچہ قرار دیا۔ یہ پیغام اپنی جگہ طاقت کے ناجائز استعمال کے خلاف عوامی غصے کی ترجمانی کرتا ہے۔ قارئین معاشرے میں یہ احساس پیدا ہونا ضروری ہے کہ دولت، عہدہ، تعلقات یا اثر و رسوخ کسی کو قانون سے استثنا نہیں دلا سکتے۔ اگر قانون صرف کمزور کے لیے سخت اور طاقت ور کے لیے نرم ہو تو پھر قانون کی بالادستی کا تصور کمزور پڑ جاتا ہے۔ تاہم ایک اہم بات کہ ریاست کی طاقت کا اصل مظاہرہ یہ نہیں کہ کسی ملزم کو سرعام تھپڑ مارا جائے بلکہ یہ ہے کہ وہ کسی بااثر شخص کو بھی شفاف تحقیقات، منصفانہ سماعت اور قانون کے مطابق سزا کے عمل سے نہ بچنے دے۔

بلوچستان اور اعتماد کا بحران: تیسرا متبادل

وفاق کا سب سے قیمتی سیاسی سرمایہ نہ طاقت ہے، نہ پیسہ، نہ نعرے — بلکہ اعتماد ہے۔ اعتماد نظر نہیں آتا لیکن اس کی کمی ہر ادارے، ہر پالیسی اور ہر گلی میں محسوس ہوتی ہے۔ پاکستان آج ایک نازک اور فیصلہ کن

تحریر: پرویز صالح

موڑ پر کھڑا ہے۔ اصل بحران صرف معیشت یا سلامتی کا نہیں، بلکہ اعتماد کا بحران ہے۔ اور یہ بحران سب سے زیادہ بلوچستان میں نظر آتا ہے۔

بلوچستان کوئی ضمنی مسئلہ نہیں، بلکہ یہ بنیادی سوال ہے کہ پاکستان کس قسم کی فیڈریشن بننا چاہتا ہے۔ یہ رقبے کے لحاظ سے 44 فیصد پاکستان ہے، معدنیات سے مالا مال ہے، سب سے طویل ساحلی پٹی اس کے پاس ہے۔ پھر بھی وسائل میں سب سے امیر ہونے کے باوجود انسانی ترقی میں سب سے غریب کیوں ہے؟ یہ حادثہ نہیں، پالیسی کا نتیجہ ہے۔ گزشتہ دو دہائیوں سے اسلام آباد نے دو زاویوں سے بلوچستان کو حل کرنے کی کوشش کی۔

پہلا زاویہ سلامتی کا تھا۔ بظاہر منطق درست تھی کہ امن قائم ہوگا تو استحکام آئے گا۔ اربوں روپے خرچ ہوئے، آپریشنز ہوئے۔ لیکن بغیر جواز کے سلامتی استحکام نہیں، خاموشی پیدا کرتی ہے۔ اور خاموشی امن نہیں ہوتی۔ جب ایک بلوچ طالب علم اپنی ہی یونیورسٹی میں اجنبی محسوس کرے، جب ایک ماں برسوں اپنے لاپتہ بیٹے کی تصویر لیے پریس کلب کے باہر کھڑی رہے، تو کوئی بھی سلامتی دلوں کو نہیں جیت سکتی۔ طاقت زمین پر قبضہ کر سکتی ہے، لیکن لوگوں کو صرف اعتماد جیت سکتا ہے۔

دوسرا زاویہ ترقی کا تھا۔ ہر حکومت نے پیکیجوں کا اعلان کیا۔ آغاز حقوق بلوچستان، ترقیاتی فنڈز، شاہراہیں، سینڈک، ریکوڈک، گوادر پورٹ۔ کاغذ پر اعداد و شمار بہت متاثر کن ہیں۔ لیکن زمین پر عام بلوچ کا سوال سادہ ہے: اس ترقی کا مالک کون ہے؟ ہم نے گوادر بنایا، لیکن بلوچستان کو گوادر میں اسٹیک ہولڈر نہیں بنایا۔ ہم نے ستر سال سوئی سے گیس نکالی، لیکن سوئی خود گیس سے محروم رہا۔ ہم سی پیک کو گیم چینجر کہتے ہیں، لیکن یہ گیم کس کے [illegible]

دونوں زاویے اس لیے ناکام ہوئے کہ انہوں نے بلوچستان کو ایک مسئلے کے طور پر دیکھا جسے مینج کرنا ہے، ایک قوم کے طور پر نہیں جسے گلے لگانا ہے۔ آج ضرورت تیسرے زاویے کی ہے — اعتماد کے زاویے کی۔

شہید محترمہ بینظیر بھٹو اس تیسرے زاویے کو بڑی گہرائی سے سمجھتی تھیں۔ میں نے ان کے طرز عمل کو قریب سے دیکھا۔ وہ بلوچستان کو صرف سلامتی کی نظر سے نہیں، سیاسی نظر سے دیکھتی تھیں۔ ان کا یقین تھا کہ وفاق طاقت یا فائلوں سے نہیں، اعتماد سے قائم رہتے ہیں۔ میرے نزدیک بلوچستان میں اعتماد چار ستونوں پر قائم ہو سکتا ہے:

اول: سیاسی تسلسل۔ جس صوبے کی حکومتیں ہر چند سال بعد گرائی جائیں، وہ جمہوریت پر کیسے اعتماد کرے۔ جمہوریت بلوچستان پر احسان نہیں، اس کا آئینی حق ہے۔

دوم: حقیقی نمائندگی۔ بلوچستان کے عوام کو محسوس ہونا چاہیے کہ ان کا ووٹ اہمیت رکھتا ہے۔

سوم: انصاف۔ یہ سب سے حساس ستون ہے۔ احساس محرومی کوئی افسانہ نہیں، تاریخی حقیقت ہے۔ اور لاپتہ افراد کا دکھ اجتماعی نفسیات میں گہرا زخم بن چکا ہے۔ انصاف عدالت اور قانون کے ذریعے نظر آنا چاہیے۔ انصاف اعتماد کی بنیاد ہے۔

چہارم: معاشی ملکیت۔ ترقی بلوچستان کے لیے نہیں، بلکہ بلوچستان کے ساتھ اور بلوچستان کے ذریعے ہونی چاہیے۔ ریکوڈک، سینڈک، گوادر اور ساحلی پٹی میں مقامی آبادی کا قانونی اور لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ ملکیت اسٹیک ہولڈر بناتی ہے، اور اسٹیک ہولڈر ہی وفاق کی حفاظت کرتا ہے۔ دنیا بھر میں کامیاب فیڈریشنز اسی لیے قائم ہیں کہ انہوں نے اپنے صوبوں کو زیادہ جگہ، زیادہ احترام اور زیادہ ملکیت دی۔ مضبوط مرکز کا مطلب کمزور صوبہ نہیں، بلکہ مضبوط صوبے ہی مضبوط وفاق بناتے ہیں۔

یہ صرف مفاہمت کی اپیل نہیں، بلکہ اسٹیٹ کرافٹ کی اپیل ہے۔ پاکستان کو بلوچستان کے لیے ایک اور مالیاتی پیکیج کی ضرورت نہیں، بلکہ اعتماد، وقار اور ملکیت پر مبنی ایک نئے سماجی معاہدے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم نے بلوچستان کو درست کر لیا تو ہم نے پاکستان کو درست کرلیا۔ یہی پاکستان کا تیسرا متبادل ہے — اور شاید درست کرنے کا آخری موقع۔

ٹرمپ کا تخت، کانگریس کا تختہ اور سروے والوں کی سیاسی بریانی!

امریکہ میں آج کل سیاست کا موسم کچھ ایسا ہے کہ واشنگٹن کے ایوانوں میں بیٹھے سیاست دانوں کو شاید موسم کی پیش گوئی سے زیادہ انتخابی سروے کی فکر ہے، صبح اٹھتے ہیں تو ایک سروے خوش خبری سناتا ہے،

تحریر: محمد اکرم چوہدری

دوپہر کو دوسرا پیشانی پر بل ڈال دیتا ہے اور شام تک کوئی انتخابی ماڈل ایسی گتھی الجھا دیتا ہے کہ سیاست دان اپنے انتخابی مشیر سے پوچھ بیٹھتا ہے: حضرت! ہم انتخاب لڑ رہے ہیں یا ریاضی کا پرچہ حل کر رہے ہیں؟

تین نومبر کو امریکی مڈٹرم انتخابات ہونے جا رہے ہیں یعنی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری صدارت کے تقریباً دو برس بعد امریکی ووٹر کانگریس کی نئی ترکیب طے کریں گے یہ صدارتی انتخاب نہیں، لیکن اس کے نتائج صدر کے باقی دورِ اقتدار میں قانون سازی، بجٹ، تحقیقات اور تقرریوں پر گہرا اثر ڈال سکتے ہیں۔ امریکی سیاست کی دلچسپ بات یہ ہے کہ وہاں صدر وائٹ ہاؤس میں بیٹھا ہوتا ہے، مگر خزانے کی چابی، قانون سازی کی چھلنی اور نگرانی کی دوربین کانگریس کے پاس بھی ہوتی ہے چنانچہ مڈٹرم انتخابات کو محض درمیانی وقفے کا کھیل سمجھنا ایسا ہی ہے جیسے شادی کی تقریب میں کھانے کے انتظام کو غیر اہم قرار دے دیا جائے!

سروے والوں کی دیگ میں کیا پک رہا ہے؟

تازہ اعداد و شمار سے آغاز کرتے ہیں 22 سے 26 اکتوبر کے دوران ہونے والے رائٹرز/ اپسوس سروے میں ممکنہ ووٹروں کے 53 فیصد نے ڈیموکریٹک اور 44 فیصد نے ری پبلکن امیدوار کی حمایت کی۔ فرق نو فیصد پوائنٹس۔ 27 اکتوبر کو شائع ہونے والے Marist / NewsPBS/NPR سروے میں، جس کے انٹرویو 19 اور 20 اکتوبر کو ہوئے، ڈیموکریٹس 52 فیصد اور ری پبلکن 44 فیصد پر تھے۔ یعنی آٹھ پوائنٹس کا فرق۔ 21 سے 23 اکتوبر کے YouGov / CBS سروے میں نسبت 53 بمقابلہ 45 رہی، جبکہ 23 سے 26 اکتوبر کے YouGov/ Economist سروے میں 50 بمقابلہ 41 فیصد حمایت ریکارڈ ہوئی۔ RealClearPolling کے 9 تا 26 اکتوبر کے قومی سروے اوسط میں ڈیموکریٹس 51.6 فیصد اور ری پبلکن 43.3 فیصد پر تھے۔ فرق 8.3 پوائنٹس۔ اب ذرا اس انتخابی بریانی کی دیگ میں چمچ گھمائیے!

ان سروے میں ایک جماعت کی قومی حمایت دوسری سے زیادہ ہے، مگر امریکہ کا انتخابی نظام قومی ووٹوں کی ایک ہی دیگ سے تمام نشستیں تقسیم نہیں کرتا وہاں ہر حلقے کا اپنا چولہا، اپنا مصالحہ اور اپنے ووٹر ہیں یہ اعداد ووٹروں کی حمایت ظاہر کرتے ہیں، جیت کے امکانات نہیں۔ سروے کو نتیجہ سمجھ لینا ایسا ہی ہے جیسے باورچی کے مینو کو دیکھ کر کھانے کا ذائقہ طے کر لیا جائے اصل فیصلہ تو دسترخوان پر ہوتا ہے، اور امریکی انتخابی دسترخوان تین نومبر کو سجے گا۔

ٹرمپ کی مقبولیت اور مہنگائی کی مرچ

صدر ٹرمپ کی سیاسی شخصیت امریکی انتخابی مہم کے مرکز میں ہے، لیکن ووٹروں کے معاشی خدشات بھی کم اہم نہیں، رائٹرز/ اپسوس کے 26 اکتوبر کے سروے میں تمام بالغ امریکیوں کے درمیان صدر کی کارکردگی کی منظوری 32 فیصد تھی۔ معیشت سنبھالنے کے [illegible] دوسری طرف مارسٹ کے سروے میں ممکنہ ووٹروں کے درمیان ٹرمپ کی مجموعی منظوری 40 فیصد تھی یہ فرق ضروری نہیں کہ سروے میں تضاد ہو دونوں میں سوالات، نمونے اور ووٹروں کی تعریف مختلف ہیں اسی مارسٹ سروے میں 44 فیصد ممکنہ ووٹروں نے کہا کہ کانگریس کے لیے ان کا ووٹ بنیادی طور پر ٹرمپ کی مخالفت میں ہوگا، 21 فیصد نے اسے صدر کی حمایت میں ووٹ قرار دیا، جبکہ 35 فیصد کے مطابق صدر ان کے فیصلے پر زیادہ اثر انداز نہیں ہو رہے۔

یہاں ایک سیاسی لطیفہ خود اعداد و شمار سنا رہے ہیں انتخاب کانگریس کا ہے، لیکن گفتگو کا بڑا حصہ صدر کے گرد گھوم رہا ہے۔ گویا امتحان کسی اور کا ہے اور نتیجے کے انتظار میں بے چینی کسی اور کو لاحق ہے! تاہم یہ کہنا بھی درست نہیں ہوگا کہ ہر ووٹر صرف ٹرمپ کے نام پر ووٹ ڈالے گا۔ مہنگائی، صحت کی سہولتیں، امیگریشن، خارجہ پالیسی اور مقامی امیدواروں کی ساکھ بھی انتخابی فیصلوں کا حصہ ہیں۔

ایوانِ نمائندگان: اکثریت کی پتلی سی لکیر

امریکی ایوانِ نمائندگان میں 435 نشستیں ہیں اور معمول کی مکمل رکنیت کی صورت میں اکثریت کے لیے 218 نشستیں درکار ہوتی ہیں ایوان کے کلرک کے 22 اکتوبر کے سرکاری اعداد کے مطابق ری پبلکن ارکان 218، ڈیموکریٹس 214، ایک آزاد رکن اور دو نشستیں خالی تھیں یعنی اکثریت کا معاملہ ایسا نازک ہے جیسے چائے کی پیالی میز کے [illegible] Decision Desk HQ کے 27 اکتوبر کو تازہ کیے گئے ماڈل نے ڈیموکریٹس کے لیے ایوان کا کنٹرول حاصل کرنے کا امکان 80 فیصد اور متوقع نشستیں 238 ظاہر کیں۔ اس کے مقابلے میں Polling Forecast کے 28 اکتوبر، صبح 36:7 بجے امریکی مشرقی وقت تک تازہ ماڈل میں ڈیموکریٹک اکثریت کا امکان 81 فیصد اور متوقع نشستیں 231 تھیں۔ دونوں ماڈلز کے نشستوں کے تخمینے مختلف ہیں، کیونکہ ان کے شماریاتی طریقے اور مفروضے مختلف ہیں یہاں ایک بنیادی فرق ذہن میں رکھیے: 80 یا 81 فیصد جیت کا ماڈل شدہ امکان ہے، ووٹوں کی حمایت نہیں اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ انتخابی نتیجہ طے ہو چکا ہے۔

انتخابی ماڈل مستقبل کا حساب لگاتا ہے ووٹر مستقبل بناتا ہے اور ووٹر، حضور، وہ مخلوق ہے جو کبھی سروے کرنے والے کو کچھ بتاتی ہے اور پولنگ اسٹیشن پہنچ کر اپنی مرضی کرتی ہے!

سینیٹ: جہاں ایک نشست بھی پوری کہانی بدل سکتی ہے ایوانِ نمائندگان کی اپنی اہمیت ہے، مگر سینیٹ کی سیاست کا مزاج کچھ زیادہ پیچیدہ ہے امریکی سینیٹ میں اس وقت 53 ری پبلکن، 45 ڈیموکریٹ اور دو آزاد ارکان ہیں۔ دونوں آزاد ارکان تنظیمی اعتبار سے ڈیموکریٹس کے ساتھ ہیں تین نومبر کو سینیٹ کی 35 نشستوں پر انتخابات ہوں گے ڈیموکریٹس کو موجودہ 47 رکنی اتحاد سے 51 تک پہنچنے کے لیے چار نشستوں کا خالص اضافہ درکار ہے اگر سینیٹ 50-50 پر برابر ہوجائے تو ری پبلکن نائب صدر کے فیصلہ کن [illegible] Decision Desk HQ کے 27 اکتوبر کے تخمینے میں ڈیموکریٹس کے لیے سینیٹ کا کنٹرول حاصل کرنے کا امکان 57 فیصد اور متوقع نشستیں 51 تھیں لیکن Polling Forecast کے 28 اکتوبر کے ماڈل میں یہی امکان 49 فیصد تھا، اگرچہ اس کے مرکزی نشستوں کے تخمینے میں بھی ڈیموکریٹس کی 51 نشستیں دکھائی گئی تھیں یہ اختلاف بتاتا ہے کہ ایک ہی انتخابی منظرنامے سے مختلف ماڈلز مختلف احتمالی نتائج اخذ کر سکتے ہیں مرکزی تخمینہ اور تمام ممکنہ نتائج کا مجموعی امکان دو الگ چیزیں ہیں گویا دو ماہرین ایک ہی دیگ کا ڈھکن اٹھا کر دیکھ رہے ہیں ایک کو چاول گلتے دکھائی دیتے ہیں، دوسرے کو ابھی پانی کچھ زیادہ محسوس ہوتا ہے۔

ٹیکساس: سیاست کا بڑا اکھاڑا

ٹیکساس کا سینیٹ مقابلہ خاص توجہ حاصل کر رہا ہے 13 سے 21 اکتوبر کے YouGov / Univision سروے میں ایک ہزار رجسٹرڈ ووٹروں کے درمیان ڈیموکریٹ جیمز ٹالاریکو کو 50 فیصد اور ری پبلکن کین پیکسٹن کو 45 فیصد حمایت ملی۔ غلطی کی گنجائش تقریباً 3.8 پوائنٹس تھی مگر 20 اور 21 اکتوبر کے Rasmussen سروے میں دونوں امیدوار 45، 45 فیصد پر برابر تھے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی ایک سروے کو انتخابی سند سمجھ لینا مناسب نہیں ٹیکساس میں صدر ٹرمپ 27 اکتوبر کو پیکسٹن کی انتخابی مہم کے لیے پہنچے انہوں نے توانائی کی پیداوار اور ضوابط میں نرمی کی بات کی، جبکہ مہنگے ایندھن اور ایران کے ساتھ جنگ کے معاشی اثرات بھی انتخابی بحث کا حصہ بنے ہوئے ہیں ٹیکساس کا ووٹر اب صرف امیدواروں کے [illegible] کے بجٹ میں موجود رہتی ہے!

مین، اوہائیو اور آئیووا: چھوٹی برتریاں، بڑے سوال

مین میں 22 سے 25 اکتوبر کے مارسٹ سروے نے ممکنہ ووٹروں کے درمیان ڈیموکریٹ ٹرائے جیکسن کو 49 فیصد اور ری پبلکن سینیٹر سوزن کولنز کو 47 فیصد حمایت دی لیکن غلطی کی گنجائش 6.6 پوائنٹس تھی دلچسپ بات یہ ہے کہ اسی سروے میں 58 فیصد ممکنہ ووٹروں کا خیال تھا کہ کولنز دوبارہ منتخب ہوں گی یہاں پسند اور توقع کے درمیان فرق واضح ہے۔ ووٹر کسی امیدوار کو پسند کر سکتا ہے، لیکن یہ توقع رکھ سکتا ہے کہ دوسرا امیدوار کامیاب ہوگا اوہائیو میں بھی مقابلہ قریب ہے 16 سے 23 اکتوبر کے Echelon Insights سروے میں ڈیموکریٹ شیروڈ براؤن اور ری پبلکن جان ہسٹڈ دونوں کو 47 فیصد حمایت ملی، جبکہ 21 اور 22 اکتوبر کے InsiderAdvantage سروے میں براؤن 47 اور ہسٹڈ 44 فیصد پر تھے۔

آئیووا، الاسکا، مشی گن اور کنساس بھی اہم مقابلوں میں شامل ہیں بعض ریاستوں میں مختلف انتخابی ماڈلز کے نتائج خاصے مختلف ہیں یہ وہ نشستیں ہیں جہاں معمولی ووٹنگ فرق بھی سینیٹ کے مجموعی توازن پر اثر ڈال سکتا ہے امریکی سینیٹ کا حساب بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ پوری قوم لاکھوں ووٹ ڈالتی ہے اور اقتدار کا ترازو چند حلقوں کے معمولی فرق سے جھک جاتا ہے قبل از وقت ووٹنگ: ووٹ پڑ گئے، راز ابھی باقی ہے! اب ذرا انتخابی دیگ کی سب سے دلچسپ خبر سنیے یونیورسٹی آف فلوریڈا کی Election Lab کے [illegible]

بقیہ اُستمان 01

احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی سوچ بھارت جیسی نہیں کہ تمام داخلی مسائل کو بیرونی عوامل سے منسوب کردیا جائے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں ہونے والی تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے، کیونکہ دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل ایسے بھی ہیں جنہیں ملک کے اندر ہی مؤثر انداز میں حل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کی جاتی ہیں۔ وہاں دہشت گردوں کی قیادت، تربیتی مراکز اور لانچ پیڈز موجود ہیں، جو پاکستان کی سلامتی کے لیے سنگین چیلنج ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) کیے جا رہے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کرتی ہیں، جن میں پولیس، فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر حصہ لیتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 02

۔انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ انشورنس، لاجسٹکس اور نقل وحمل کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں جس کے اثرات پاکستانی معیشت پر مرتب ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے اور خطے کی صورتحال کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی اہم ترجیحات میں عوام کو ریلیف دینا شامل ہے، اسی مقصد کے تحت حکومت نے فیول سبسڈی سکیم شروع کی، جس سے ایک کروڑ 30 لاکھ سے زائد صارفین فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس او کے ٹینڈرز پر پریمیم میں اضافہ ہوا ہے جبکہ ریفائنریز نے گزشتہ تین ماہ کے دوران اتنا منافع کمایا جو اس سے پہلے برسوں میں نہیں کمایا تھا۔

بقیہ اُستمان 03

فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں اور وزیراعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے، اپنا گھر اسکیم سے ہاؤسنگ وتعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا۔ پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی بڑھانے کے لیے اسٹیٹ بینک تین بنیادی ستونوں پر کام کر رہا ہے، جن میں ضوابط میں بہتری، حکومت اور بینکوں کے درمیان رسک اور اخراجات میں شراکت داری، اور ڈیجیٹل سہولیات کا فروغ شامل ہیں۔

بقیہ اُستمان 04

حیثیت ہے، سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اگر قانون و آئین سے ہم آہنگ ہو تو ایف سی سی اسے اختیار کرسکتی ہے، ریویو کا دائرہ اختیار انتہائی محدود اور مخصوص ہے۔ فیصلہ کے مطابق ریویو صرف ریکارڈ پر ظاہر ہونے والی غلطی یا ایسی کوتاہی تک محدود ہے جس سے انصاف کا قتل عام ہو، ریویو درخواست کیس پر دوبارہ بحث کا موقع نہیں، عدالت ریویو میں کیس کی دوبارہ سماعت نہیں کرتی بلکہ ریکارڈ پر ظاہر ہونے والی غلطی دیکھتی ہے۔

بقیہ اُستمان 05

ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ علیمہ خان کا غریب ڈرائیور بغیر کسی جرم کے جیل میں پڑا ہے، علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کو پہلے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد نظربندی کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک ڈرائیور جو مزدوری پر تھا، اسے بھی گرفتار کرلیا گیا۔ آج میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ عدالتیں ملاقات بھی نہیں کراسکتیں۔ کسی کو بھی کسی وقت اٹھایا جاسکتا ہے اور عدالتیں انصاف فراہم نہیں کرسکتیں، جبکہ انگریز کے بنائے ہوئے کالے قوانین استعمال کرکے شہری آزادیاں سلب کی جارہی ہیں۔

بقیہ اُستمان 06

کے ہمراہ خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ دور پاکستان پر چینی وزیر کا خیرمقدم کرتے ہیں، چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں، پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ چینی کمیونسٹ پارٹی اپنی تاسیس کی 105ویں سالگرہ منا رہی ہے، صدر شی کی زیر قیادت چین نے عوام دوست حکمرانی کے ذریعے قومی احیا کا سفر طے کیا، پاکستان اور چین نے مشرق وسطی میں امن کی بحالی کے لیے فائیو پوائنٹ پیس انیشی ایٹو کا آغاز کیا۔

بقیہ اُستمان 07

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے عدالت اور مذاکرات کے ہر طریقے سے کوشش کی، تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی۔ واضح رہے کہ بیرسٹر سیف نے دعویٰ کیا ہے کہ راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لیے نہیں ہیں۔

بقیہ اُستمان 08

پہنچانے، طاقت کے ایوانوں کا احتساب کرنے اور معاشرے میں شعور و آگاہی پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کا قانون کی گرفت سے بچ نکلنا آزادی صحافت، جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ 1973 کا متفقہ آئین ہر شہری کو آزادی اظہار کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے اور اس حق کا تحفظ ایک جمہوری ریاست کی آئینی واخلاقی ذمہ داری ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے شہید بینظیر بھٹو کے دور حکومت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آمر ضیا الحق کے دور کے آزادی صحافت کو دبانے والے سیاہ قوانین کا خاتمہ کیا، جو پریس کی آزادی کا گلا گھونٹنے اور اس کی آواز خاموش کرنے کے لیے استعمال ہوتے رہے تھے۔

بقیہ اُستمان 09

الماریاں بھرگئی ہوں گی۔ سالک حسین نے صوبائی بجٹ کی تقسیم پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پنجاب کا سارا بجٹ لاہور چلا جاتا ہے اور پھر ان کی مرضی ہے کہ کیسے تقسیم کریں۔ جہاں حکومت کے لوگ جیتے ہیں وہاں سب کچھ دے دیا جاتا ہے، جبکہ جس ضلع میں ان کے لوگ نہیں جیتے وہ پورا ضلع محروم رہتا ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے انہوں نے تبصرہ کیا کہ "کیا کوئی چاہے گا کہ بڑے محل سے نکل کر 10 مرلے کے گھر میں آجائے؟"۔ وفاقی وزیر نے سرکاری اخراجات اور جہازوں کے استعمال پر بھی کہا کہ جہازوں اور شاہانہ اخراجات پر احساس کرنا چاہیے اور ملک کے حالات کو دیکھ کر کام کرنا چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جہاز کا ذاتی استعمال نہیں ہونا چاہیے، اور اگر سرکاری استعمال کیا جارہا ہے تو واپس آکر نتائج بھی بتائیں کہ دورے سے کیا حاصل ہوا۔ چوہدری سالک حسین نے بیوروکریسی اور سسٹم کے اندر موجود مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ سسٹم میں بلاوجہ اسپیڈ بریکر بنائے گئے ہیں، کچھ لوگ کسی اور کے ایجنڈے پر کام کر کے ملک کی ترقی روک رہے ہیں، اداروں کو ایسے لوگوں کی نشاندہی کرنی چاہیے۔

بقیہ اُستمان 10

چوہدری محمد اکبر چابل ایڈوکیٹ اور چوہدری غضنفر محمود ایڈوکیٹ کے ہمراہ خطاب کرتے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ مسلم لیگ کی حکومت جب بھی آئی پاکستان میں خوشحالی آئی، میاں محمد نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا موٹرویز بنائے ہسپتال بنائے، غیر ملکی ریکارڈ سرمایہ کاری ہوئی، صنعتوں کے نہ صرف زونز بنائے بلکہ صنعتی انقلاب لائے، اسٹاک ایکسچینج نے دنیا کے ریکارڈ توڑے جسے دنیا نہ صرف تسلیم کیا بلکہ کہا جارہا تھا جس رفتار سے پاکستان ترقی کر رہا ہے اقتصادی معاشی طور پر ایشیا کا ٹائیگر بنے گا مگر پاکستان مخالف قوتوں کو پاکستان کی ترقی اچھی نہ لگی اور سازشیں کرکے میاں نواز شریف کو ہٹایا گیا، پھر پی ٹی آئی کا دور پاکستان کی تباہی عوام کی بدحالی کا دور آیا جسکی سزا ابھی تک قوم کو بھگتنا پڑ رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 11

تے ہوئے کہا ہے کہ امریکی عوام کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے باہر نکلنا ہوگا کیونکہ ان کی جماعت کی کامیابی کا دارومدار ووٹرز کی شرکت پر ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران انہوں نے ملک بھر میں انتخابی مہم چلائی اور اس دوران عوام کی محبت اور حمایت دیکھ کر خوشی ہوئی۔ بطور صدر گزشتہ 2 ہفتوں میں انہوں نے جو کچھ کیا اس جیسا کام کسی دوسرے صدر نے نہیں کیا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ یہ ان کی انتخابی مہم کا آخری جلسہ ہے اور اب وہ انتخابی مہم ختم کر رہے ہیں۔ امریکی صدر نے انتخابی جلسے میں مڈٹرم انتخابات میں کامیابی کی صورت میں ہر بالغ امریکی کو 5 ہزار امریکی ڈالر دینے کا اعلان کیا۔

بقیہ اُستمان 12

سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ شاہد رند نے کہا کہ فیک نیوز کا پھیلاؤ ہمارے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے حکومت کو فیک نیوز کے خلاف قانونی کارروائی کا حق حاصل ہے واٹس ایپ، فیس بک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جعلی خبریں پھیلائی جارہی ہے ایسی جعلی خبروں کی روک تھام کے حوالے سے ملک میں قانون موجود ہے، اور اس طرح کی جعلی اور فیک خبریں پھیلانے والوں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔

بقیہ اُستمان 13

کمائی سوشل میڈیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقہ کے غریب عوام کی غربت کا مذاق بنایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے، ٹک ٹاکر مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کرکے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہوسکتا اس کا احتساب ہونا چاہیے، یہ ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کما رہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کررہی ہیں؟۔

بقیہ اُستمان 14

کا سفر معاشی استحکام سے، پائیدار ترقی کی جانب جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، ڈیجیٹل جدت، مالیاتی نظام کو زیادہ افراد تک پہنچانے اور کاروباری خدمات میں مؤثر معاون ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاک چین نیٹ ورکس پر ادارہ جاتی صارفین کے لے ڈپازٹ ٹوکنز کا استعمال ڈیجیٹل مالیاتی جدت کی عملی مثال ہے، بینک فار انٹرنیشنل سیٹلمنٹس کا پراجیکٹ اگورا، ٹوکنائزڈ بینک ڈپازٹس کا جائزہ لے رہا ہے، مرکزی بینک، ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ساتھ رقوم کا تحفظ، خطرات سے نمٹنے میں بینکوں کا اہم کردار ہے، صارفین کو خدمات کی فراہمی میں بھی بینکوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ریگولیٹری نظام میں ہر قسم کے ڈیجیٹل اثاثے اور ان کی معاشی سرگرمیوں کو الگ مدنظر رکھنا ہوگا، ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے تحت، پاکستان میں قانونی فریم ورک قائم کیا گیا ہے، پیوارا، ورچوئل اثاثہ خدمات فراہم کرنے والوں کی لائسنسنگ اور نگرانی کی ذمہ دار ہے۔

بقیہ اُستمان 15

میں جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ رہے جبکہ سمندر میں تیل یا دیگر آلودگی پھیلنے کی اطلاع نہیں ملی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے بتایا کہ ٹینکر خلیج میں جنوب مشرق کی جانب سفر کر رہا تھا کہ سعودی عرب کے علاقے راس التنجی سے تقریباً 72 ناٹیکل میل مشرق میں اس کے بائیں جانب دو نامعلوم پروجیکٹائلز آکر لگے۔ میری ٹائم کے مطابق واقعے کے بعد جہاز کے تمام عملے کی موجودگی اور سلامتی کی تصدیق کرلی گئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات میں سمندری ماحول کو کسی قسم کے نقصان یا آلودگی کی نشاندہی بھی نہیں ہوئی۔ تاحال حملے میں استعمال ہونے والے پروجیکٹائلز کی نوعیت اور واقعے کے ذمہ داروں کے بارے میں تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ اُستمان 16

بنایا ہے اور مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں خان آف قلات کا بیٹا محفوظ نہیں ہے تو عام شہری کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ حالات اس حد تک خراب ہو چکے ہیں کہ وہ خود اپنے حلقے خضدار تک بذریعہ سڑک سفر نہیں کر سکتے، اس وقت بلوچستان کا کوئی بھی علاقہ امن کے لحاظ سے محفوظ نہیں رہا۔ مدارس بل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26ویں آئینی ترمیم میں مدارس بل کا ایکٹ شامل تھا جس پر صوبوں نے عملدرآمد کرنا تھا۔ تاہم، جب 26ویں آئینی ترمیم کی دیگر شقوں پر عمل ہو رہا ہے تو مدارس بل پر عملدرآمد نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس سلسلے میں اپنا وعدہ وفا نہیں کیا اور حکومت نے اس معاملے پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔

بقیہ اُستمان 17

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجا سے درخواست کی ہے کہ انہیں شوکاز اور شٹ اپ کال دی جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، انہیں کوئی لفٹ نہیں کروارہا اور ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے، وہ کس حوالے سے پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ انہوں ل نے کہا کہ ہماری حکومت کو کے پی کے میں غیر آئینی طور پر ختم کیا گیا، وہاں ایک غیر اعلانیہ مارشل لا لگا ہوا ہے۔

بقیہ اُستمان 18

اور سریاب سرکل کی زیر نگرانی منشیات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ معمول کی اسنیپ چیکنگ کے دوران ہزارہ ٹاؤن پولیس نے ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 4 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ گرفتار ملزم کی شناخت جانزیب ولد محمد قاسم، قوم نورزئی، سکنہ پشتون آباد کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ اُستمان 19

برقرار رکھتے ہوئے گرفتار کرکے عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے کیس کی مزید سماعت 15 نومبر تک ملتوی کردی۔ سہیل آفریدی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کررکھا ہے۔

بقیہ اُستمان 20

مہم کے دوران ملک کے 97 منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔ این ای او سی کے مطابق مہم کے دوران 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گے۔ اس مہم کے تحت پانچ سال سے کم عمر کے تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 21

جاری کردیا ہے۔ انتخابی عذرداری کی سماعت بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس کامران ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دورکنی بینچ نے کی۔ حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے مسلم لیگ (ن) کے زرک خان مندوخیل کی کامیابی اور کاغذات نامزدگی کو شکور اللہ کی جانب سے عدالت میں چیلنج کیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 22

علاقے سروجیل فائرنگ سے 3 خواتین اور 2 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو دوآبہ اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ڈی پی او صلاح الدین کنڈی کا کہنا ہے کہ واقعے کی وجہ اور محرکات جاننے کیلیے ہر پہلو سے تحقیقات کررہے ہیں، ملزمان کی گرفتاری کے لیے آپریشن جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 23

برائے اقتصادی وتجارتی تعاون (کامسیک) کے 42ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ کے شہر استنبول پہنچ گئے۔ استنبول ایئرپورٹ پر پاکستان کے قونصل جنرل خواجہ خرم نعیم نے وفاقی وزیر تجارت کا استقبال کیا۔ جام کمال خان اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے، جہاں اسلامی ممالک کے درمیان باہمی تجارت کے فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ اُستمان 24

نے عبوری حکم نامے کے ذریعے فریقین کی گرفتاریوں سے روکا تھا۔ پشاور ہائیکورٹ کے عبوری حکم نامے کے خلاف ایڈووکیٹ جنرل کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا گیا تھا، آئینی عدالت متفرق 48 درخواستوں پر جمعرات کو سماعت کرے گی۔

بقیہ اُستمان 25

افغانستان ان خبروں پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ امریکہ ایسے افغان پناہ گزینوں کو، جنہیں ابھی تک قانونی رہائشی دستاویزات حاصل نہیں ہوئیں، پاکستان بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے امریکہ پر زور دیا کہ وہ اس معاملے میں ذمہ دارانہ اور متوازن رویہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ افغان شہریوں کے مستقبل سے متعلق کوئی بھی فیصلہ یا اقدام دونوں ممالک کے درمیان واضح مفاہمت، ضروری رابطہ کاری اور متعلقہ افراد کے حقوق اور جائز مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے۔

بقیہ اُستمان 26

اور حقائق کے منافی ہیں۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق تہران میں پاکستانی سفارتخانے نے پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی سے متعلق گردش کرنے والی افواہوں کی تردید کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا کہ سوشل میڈیا اور دیگر حلقوں میں ایران میں پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی سے متعلق بعض رپورٹس کا نوٹس لیا گیا ہے۔

بقیہ اُستمان 27

وزارت صحت میں منعقدہ تقریب سے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج ہم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن منصوبے کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے اور آج دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں صحت کہانی کے اشتراک سے 10 ٹیلی میڈیسن سینٹرز قائم کیے گئے تھے

بقیہ اُستمان 28

ذہانت) کے استعمال کے ذریعے عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ ٹریننگ کورس کے افتتاح کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، بلوچستان سول سروس اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل اور جناب ڈاکٹر حفیظ جمالی نے مختلف سرکاری محکموں سے تعلق رکھنے والے شرکاء سے خطاب کیا۔ شرکاء سے اپنے استقبالیہ خطاب میں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے سرکاری اداروں پر عوامی اعتماد کو مضبوط بنانے کے لیے بلوچستان میں گورننس کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا، "بطور حکومت، ہم تمام سرکاری امور کو ڈیجیٹلائز کر کے بہتر طرز حکمرانی کو یقینی بنانا چاہتے ہیں۔ اس ورکشاپ میں آپ جو مہارتیں سیکھیں گے وہ انتہائی اہمیت کی حامل ہوں گی، جو ہمارے افسران کو بلوچستان کے عوام کی خدمت کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی۔

بقیہ اُستمان 29

دو لڑکیوں سمیت پانچ دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ علاقہ حالیہ دنوں میں بارہا حملوں کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ ایک اسرائیلی ڈرون نے اسی علاقے میں ایک فلسطینی کی طرف کم از کم ایک میزائل فائر کیا جبکہ فوجی گاڑیوں نے شہر کے مشرق اور جنوب میں مقامات کی طرف شدید فائرنگ کی۔

بقیہ اُستمان 30

کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ جنگ کہیں اور ہوتی ہے، تیل کی قیمتوں کے اثرات کوئی اور بھگت رہا ہوتا ہے۔ کہا ان ماحولیاتی اثرات کے سامنے ایک پاکستانی برج بنائیں گے۔ ایسی ریزیلینس درکار ہے کوئی شخص دوبارہ سیلاب کے سامنے نہ آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے بڑھتے ٹمپریچر کی قیمت بھی غریب ادا کر رہے ہیں، ہم ڈاؤن اسٹریم ہیں کم ترقی یافتہ ہیں، کیا ڈھلان پر رہنے والے لوگوں کے حقوق نہیں، ان کے حقوق نہیں تو پھر دنیا میں جس کی لاٹھی اس کا نظام چل رہا ہے۔

بقیہ اُستمان 31

لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔ توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام نئی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں، توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔ کاروباری نقصانات اگلے سال منتقل کرنے کا حق بھی متاثر ہوسکتا ہے۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں نام نہ ہونے پر نان فائلرز کو زیادہ شرح سے ٹیکس دینا ہوگا، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والوں کو صرف ریٹرن فائل کرنے سے ایکٹو لسٹ میں جگہ نہیں ملے گی۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے باہر رہنے والوں کو ٹیکس ریفنڈ ملنے میں بھی رکاوٹ ہوگی۔

بقیہ اُستمان 32

طاقتوں کی کشمکش کا میدان نہیں بننا چاہیے۔ بیجنگ میں عمان کے سلطان ہیثم بن طارق سے ملاقات کے دوران چینی صدر کا کہنا تھا کہ چین خطے میں امن واستحکام کی بحالی کیلئے عرب ممالک کے ساتھ تعاون اور رابطہ کاری کے لیے تیار ہے۔ شی جن پنگ نے عمان کیساتھ دیرینہ دوستی اور بڑھتے ہوئے سیاسی اعتماد کا ذکر کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان سٹرٹیجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ اُستمان 33

معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ حلف برداری کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری ماحولیات نور احمد پرکانی ڈی جی ماحولیات ظہور احمد بلوچ اور آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی عہدیداران اور ماحولیات یونٹ کی نومنتخب کابینہ کے علاوہ افسران واہلکاران نے شرکت کی صوبائی مشیر نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی اصل طاقت اس کے اتحاد، نظم وضبط اور اجتماعی جدوجہد میں مضمر ہوتی ہے۔

بقیہ اُستمان 34

والد عبدالعزیز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا بھائی شکیل احمد 5 سال قبل فتنہ الہندوستان نامی کالعدم تنظیم کے بہکاوے میں آ کر گھر چھوڑ گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ کوشش کرکے اسے سرنڈر بھی کروایا گیا، تاہم وہ دوبارہ تنظیم میں چلا گیا۔ محمد حیات کے مطابق 2 دن قبل انہیں معلوم ہوا کہ شکیل احمد گوادر میں دہشت گردی کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہوگیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ ان کے خاندان کا شکیل احمد کی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں اور بھائی کی جانب سے غلط راستہ اختیار کرنے پر وہ شدید شرمندہ ہیں۔ انہوں نے دیگر والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور انہیں تعلیم دلوائیں، محمد حیات نے کہا کہ ان کا خاندان پاکستان کا وفادار ہے۔

بقیہ اُستمان 35

مہنگائی کی شرح 0.81 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 1.49 فیصد بڑھی۔ اکتوبر میں غذائی اشیا کی قیمتوں میں ماہانہ بنیادوں پر 2.26 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 36

موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ گیس کی فراہمی میں درپیش مسائل کو مؤثر انداز میں حل کرنے، صارفین کی شکایات کو سنجیدگی سے لینے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کی اہمیت بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ حاجی نصیر احمد لہڑی اور محمد زبیر کے درمیان ہونے والی گفتگو میں گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو صارفین کو پیش آنے والی پریشانیوں، گیس کے کم پریشر اور فراہمی کے نظام سے متعلق معاملات بھی زیر بحث آئے۔ اس بات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ صارفین کی شکایات کے بروقت اندراج، ان کی نوعیت کے مطابق متعلقہ شعبوں تک رسائی اور شکایات کے ازالے کے عمل کو بہتر بنانے سے عوام کو درپیش مشکلات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔ اس موقع پر حاجی نصیر احمد لہڑی نے کہا کہ گیس عوام کی بنیادی ضروریات میں شامل ہے اور خصوصاً موسم سرما میں گیس کی مناسب فراہمی گھریلو صارفین کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ اُستمان 37

اسماعیل بقائی سے سوال کیا گیا تھا کہ کیا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے؟ ان سے یہ بھی پوچھا گیا کہ آیا دوحہ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران اس معاملے پر بات چیت ہوئی تھی۔ اس کے جواب میں ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ ایران اپنا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل نہیں کرے گا۔ ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم اس کے جوہری پروگرام سے متعلق مذاکرات کا ایک اہم موضوع ہے۔ تاہم ترجمان کے بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ دوحہ مذاکرات میں اس معاملے پر کیا گفتگو ہوئی یا ایران اس حوالے سے کوئی متبادل تجویز پیش کرنے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ ایرانی موقف ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور دونوں ممالک کے جوہری معاملات سمیت دیگر اختلافات حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ اُستمان 38

منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کی۔ اس روح پرور تقریب میں "مکالمہ اور شعر و شاعری کا دیوان" کے عنوان کے تحت خصوصی نشستیں منعقد کی گئیں۔ تقریب میں ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین، خانہ فرہنگ ایران کے ڈی جی، اور رکن صوبائی اسمبلی (MPA) میڈم کلثوم نواز سمیت صوبے کی نامور ادبی شخصیات، شعراء، محققین اور شائقین ادب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے سید ظہور شاہ ہاشمی کی بلوچی زبان، لغت نگاری اور ادب کے لیے دی گئی گراں قدر خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ان کے ادبی ورثے کو زندہ رکھنا اور نئی نسل تک پہنچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں اور شرکاء نے اس کامیاب ادبی نشست کے انعقاد پر ڈائریکٹوریٹ آف کلچر، حکومت بلوچستان کے اس اقدام کو خوب سراہا۔

بقیہ اُستمان 39

اور کاغذات ارسال کیے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا۔

بقیہ اُستمان 40

تحریک انصاف ملک کی ایک بڑی عوامی سیاسی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ عوام کے بنیادی حقوق، قانون کی حکمرانی، شفاف نظام حکومت اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کے لیے آواز بلند کی ہے۔ ممبر شپ مہم پارٹی کے پیغام کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں تک پہنچانے اور نوجوانوں سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ سید صادق آغا نے پارٹی کے کارکنوں، عہدیداروں اور ہمدردوں پر زور دیا کہ وہ ممبر شپ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں، عوام سے رابطے بڑھائیں اور پارٹی کے منشور اور نظریے کو مثبت، مؤثر اور منظم انداز میں لوگوں تک پہنچائیں۔

بقیہ اُستمان 41

خراب کرنے کی کوششیں ناکام بنائی جائیں۔ گزشتہ کچھ دنوں سے اسلام مخالف پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو زبردستی مسلمان کیا جاتا ہے، جو سراسر غلط اور ملک دشمنی پر مبنی پروپیگنڈہ ہے۔ ہم اس بیانیے کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں اور اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، کیونکہ اسلام کسی کو زبردستی مسلمان بنانے کی قطعی اجازت نہیں دیتا۔ تاہم کوئی غیر مسلم، چاہے لڑکا ہو یا لڑکی، بوڑھا ہو یا جوان، جب چاہے اور جہاں چاہے اسلام قبول کرسکتا ہے۔ نہ ریاست اسے روک سکتی ہے، نہ کسی عالم، مولوی یا پیر کو اسے روکنے کا اختیار ہے اور نہ ہی شریعت اس کی اجازت دیتی ہے۔ جو کوئی اپنی مرضی سے اسلام قبول کرنے کے لیے آئے گا، ہم اسے کلمہ پڑھا کر دائرہ اسلام میں داخل کریں گے، کیونکہ یہ شرعی حکم ہے اور ہم اس سے روگردانی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ درگاہ بھرچونڈی شریف پاکستان بننے سے پہلے کی معروف درگاہ ہے، جہاں انگریز حکومت کے دور میں بھی لوگ اسلام قبول کرنے کے لیے آتے تھے اور یہ سلسلہ آج بھی تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ اس تاریخی حقیقت کو بنیاد بنا کر اسلام مخالف پروپیگنڈہ کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

بقیہ اُستمان 42

ہوئے ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ پولیس میں شمولیت حاصل کرنا عوامی خدمت اور علاقے کی پاسبانی کا بہترین موقع ہے۔ انہوں نے تمام نئے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر دیانت داری سے انجام دیں اور قانون کی بالادستی اور شہریوں کے حقوق و جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت ترجیح دیں۔ ایس ایس پی قلات نے کہا کہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، تعظیم اور احترام سے پیش آنا پولیس کے وقار کو بلند کرتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے شامل ہونے والے اہلکار ضلع میں امن وامان کے قیام، جرائم کے خاتمے اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے میں اہم اور فعال کردار ادا کریں گے۔

بقیہ اُستمان 43

جذبے، محنت اور لگن کے ساتھ فرائض انجام دیں تاکہ کوئی بھی بچہ عمر بھر کی معذوری کا سبب بننے والی اس مہلک بیماری کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں اور ان کی صحت مند زندگی کو یقینی بنانا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ مہم کے دوران دور دراز اور حساس علاقوں کے بچوں تک رسائی کے لیے جامع مائیکرو پلان تیار کیا گیا ہے، جبکہ پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے والدین، علمائے کرام اور سول سوسائٹی سے اپیل کی کہ وہ اس قومی مہم کو کامیاب بنانے اور اپنے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ اُستمان 44

کینیڈاز امیگریشن سسٹم اینڈ بارڈرز ایکٹ (BillC-12) منظور کر کے نافذ کر دیا ہے۔ 26 مارچ 2026 کو شاہی منظوری ملنے کے بعد یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگیا ہے، جس کے تحت امیگریشن درخواستوں، پناہ کے نظام اور سرکاری اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے سے متعلق اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ اس نئے قانون کے تحت کینیڈین حکومت اور امیگریشن افسران کو وسیع اور غیر معمولی اختیارات دیے گئے ہیں۔ جس کے تحت عوامی مفاد میں حکومت کسی بھی وقت ورک پرمٹ، اسٹڈی پرمٹ، عارضی ویزا، الیکٹرانک ٹریول اجازت نامہ (eTA) اور مستقل رہائش (PR) کی نئی درخواستوں کی وصولی یا کارروائی کو عارضی طور پر روک سکتی ہے۔س

بقیہ اُستمان 45

رہنماں کے خلاف 26 نومبر احتجاج اور سپریم کورٹ کیسز پر سماعت ہوئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں منظور کرلیں اور چاروں ملزمان کو 5،5 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ اسد قیصر کی 9، عاطف خان کی 4، لطیف کھوسہ کی 3 اور فیصل امین گنڈاپور کی 6 مقدمات میں ضمانت منظور ہوئی۔ عدالت نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں 11 فروری تک منظور کی ہیں۔ عدم حاضری کی بنا پر چند روز قبل چاروں ملزمان کی ضمانتیں خارج کردی گئی تھیں۔ ملزمان کی جانب سے دوبارہ ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔

بقیہ اُستمان 46

سنبھال لی ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ذمہ داری ایسے وقت میں سنبھالی گئی ہے جب ملک 27-2026 کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم کی بھی صدارت کر رہا ہے جس سے علاقائی تجارت، سرمایہ کاری، مالیاتی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی ہورہی ہے۔ وزارت خزانہ نے سلطان علی الانہ کو چیئرمین کی اہم ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان ایس سی او کے رکن ممالک کے درمیان اقتصادی شراکت داری مضبوط بنانے، سرحد پار تجارت و سرمایہ کاری میں سہولیات فراہم کرنے اور علاقائی انضمام و مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ اُستمان 47

غیر قانونی تجاوزات، فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم رکاوٹوں سمیت دیگر ناجائز قبضوں کو ہٹا کر راستے عوام کے لیے بحال کر دیے گئے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے دکانداروں کو واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہری علاقوں میں سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی۔ دکاندار اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں اور عوامی راستوں میں رکاوٹ پیدا کرنے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کے باعث نہ صرف شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے بلکہ شہر میں ٹریفک کا نظام بھی متاثر ہوتا ہے اور اکثر اوقات ٹریفک جام کی صورتحال پیدا ہوجاتی ہے

بقیہ اُستمان 48

تاجران کے عہدیداران، سماجی کارکنان، قبائلی رہنماؤں، عمائدین علاقہ، شہریوں اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات براہ راست صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر اور متعلقہ سرکاری افسران کے سامنے پیش کیں شہریوں کی جانب سے پینے کے صاف پانی کی عدم فراہمی، بجلی کی لوڈشیڈنگ، صحت کی سہولیات کی کمی، سرکاری سکولوں کی بندش، تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کا فقدان، بنیادی مراکز صحت (BHUs/BHQs) میں ادویات کی قلت، سڑکوں، صفائی، نکاسی آب اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق متعدد شکایات پیش کی گئیں۔ شرکاء نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ بعض علاقوں میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ سرکاری اداروں سے متعلق بعض شکایات کے ازالے میں تاخیر سے عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ اُستمان 49

ہے۔ اس سلسلے میں امریکی، یورپی اور یوکرینی حکام کے درمیان مذاکرات جاری ہیں۔ اخبار کے مطابق امریکی نمائندوں جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف نے ستمبر میں ماسکو اور کیف کے دوروں کے دوران یہ تجویز پیش کی تھی۔ مجوزہ منصوبے کے تحت یورپی پابندیوں سے بچنے کیلئے ایک امریکی ثالث کے ذریعے روسی گیس یورپ کو فروخت کی جائے گی، جس سے امریکی سرمایہ کاروں کے لیے بھی منافع بخش مواقع پیدا ہوسکتے ہیں، تاہم امریکی تجویز کو یورپی یونین کی جانب سے مزاحمت کا سامنا ہے۔

بقیہ اُستمان 50

نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے، جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیاء کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو اپنی کاروباری صلاحیتوں کے اظہار، مصنوعات کی تشہیر، تجارتی روابط کے فروغ اور نئی کاروباری راہیں تلاش کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ تقریب میں حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت کے نمائندگان، متعلقہ محکموں کے افسران، کاروباری شخصیات اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے نمائش میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے نمائش کا تفصیلی دورہ کیا اور تمام اسٹالز کا معائنہ کیا۔

بقیہ اُستمان 51

گے۔ وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے انتظامات کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ بلدیاتی انتخابات کیلئے تمام انتخابی میٹریل کی خریداری سمیت تمام تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ بیلٹ پیپرز کی پرنٹنگ کے بھی تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں جبکہ آئی جی اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو ضروری انتظامات کے حوالے سے خطوط ارسال کئے جا چکے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے 20 اکتوبر کو اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کا شیڈول جاری کیا تھا، جس کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں 20 دسمبر کو پولنگ ہوگی۔

بقیہ اُستمان 52

کہا ہے کہ ایران پر امریکا کوئی بھی نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، جس سے صرف مزید تشدد اور تباہی پھیلے گی۔ انہوں نے اپیل کی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر اثر ورسوخ رکھنے والے افراد اپنی تمام تر کوششیں کریں تاکہ انہیں ایسے اقدام سے باز رکھا جا سکے۔ واضح رہے کہ محمد البرادعی اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کو 2005 میں جوہری توانائی کے فوجی مقاصد کیلئے استعمال کی روک تھام کی کوششوں پر مشترکہ طور پر نوبل امن انعام سے نوازا گیا تھا۔ وہ 2013 میں مختصر عرصے کیلئے مصر کے نائب صدر بھی رہے۔

بقیہ اُستمان 53

زمینی حقائق ان دعووں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ ان کے مطابق شہری محلے میں تاحال عملی طور پر کوئی نمایاں ترقیاتی کام شروع نہیں کیا گیا، جس کے باعث علاقہ مکین بدستور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ میجر جمالی نے کہا کہ شہری آبادی کے اہم حصے کو نظرانداز کرنا اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے ایسے دعوے کرنا جن کی عملی صورت حال مختلف ہو، عوامی مسائل میں مزید اضافہ کرنے کے مترادف ہے۔

بقیہ اُستمان 54

سے خطاب کرتے ہوئے میر علی حسن زہری نے پرتپاک استقبال اور والہانہ محبت پر کونسلر اسد شیخ، یوسف شیخ اور اہلِ علاقہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی محبت اور اعتماد ان کے لیے باعثِ فخر ہے اور خدمت خلق کے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا ذریعہ ہے۔ عوامی مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات ہیں۔ میر علی حسن زہری نے اعلان کیا کہ حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور شہر کے ساتھ نواحی علاقوں کو بھی ترقی کے ثمرات سے مستفید کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ کئی دہائیوں کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے تعلیم، صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ اُستمان 55

ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان شامل تھے، جبکہ سپرنٹنڈنٹ حاجی عصمت اللہ اور بابو داؤد خان حمزہ زئی نے انٹرویوز کے انتظامی امور اور امیدواروں کی معاونت میں اپنا کردار ادا کیا اس موقع پر ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈینٹل ٹیکنیشن سمیت دیگر عارضی خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز لیے گئے۔ امیدواروں کی اسناد، متعلقہ شعبے میں تجربے اور پیشہ ورانہ قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق انٹرویوز کا عمل مکمل کیا گیا رہا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی نے کہا کہ عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور اہلیت کو بنیادی ترجیح دی جائے گی

بقیہ اُستمان 56

ہیں۔ قطر کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق گیس بردار جہاز المعیدہ خلیج فارس سے گزر رہا تھا جب اسے ایک نامعلوم شے نے نشانہ بنایا۔ البدیوی نے خبردار کیا کہ تیل اور گیس بردار جہازوں پر حملے عالمی توانائی کی فراہمی میں رکاوٹ، منڈیوں میں عدم استحکام اور سمندری ماحول کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 57

روپے کا چونا لگایا جا رہا ہے زرائع کے مطابق ایکسین کبھی ان ملازمین کو ڈیوٹیوں کا پابند بنانے میں مکمل طور پر بے بس دکھائی دیتے ہیں متعلقہ افسران کی مبینہ بے بسی یا خاموشی نے محکمے کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اٹھائے کر دیے ہیں کبھی کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے غائب ملازمین پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف نوجوان بیروزگاری کا شکار ہیں تو دوسری طرف من پسند افراد کو کام کیے بغیر قومی خزانے سے نوازا جارہا ہے کبھی کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے چیف سیکریٹری بلوچستان صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم خان کھوسہ سیکریٹری تعمیرات و مواصلات بلوچستان محمد بابر خان سے ؟ مطالبہ کیا ہے کہ اس غائب ملازمین کا فوری نوٹس لیا جائے غیر حاضر ملازمین کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے اور فرائض میں غفلت برتنے والے آفیسران کا نوٹس لے کر سرکاری خزانے کو پہنچنے والے نقصان سے بچایا جائے۔

بقیہ اُستمان 58

موقع پر CCO رحیم جنگ اور CBO ذکریا جنگ نے شرکا کو پولیو وائرس کی منتقلی، اس کے بچوں پر مہلک اثرات اور پولیو سے بچا کے قطرے کی اہمیت کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے کمیونٹی کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ سیشن کے اختتام پر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنگو مفتی ہدایت اللہ زہری، میونسپل کارپوریشن کے کونسلر میر احمد خان گنگو، طبی ماہرین، مذہبی رہنماں اور مقامی عمائدین نے آئندہ انسداد پولیو مہم میں محکمہ صحت اور کامنیٹ ٹیم کے ساتھ بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ گھر گھر جا کر والدین کو پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی ترغیب دیں گے تاکہ ملک کو پولیو سے پاک بنایا جاسکے۔ والدین کو پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی ترغیب دیں گے تاکہ ملک کو پولیو سے پاک بنایا جاسکے۔

بقیہ اُستمان 59

محلوں، گلیوں، نالیوں اور گندے پانی کے مقامات پر مچھروں کی بھرمار ہے، مگر تاحال مؤثر مچھر مار اسپرے مہم شروع نہیں کی گئی۔ مچھروں کے باعث شہریوں، خصوصاً بچوں، بزرگوں اور خواتین کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ شہری حلقوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی بنیادی شہری سہولیات کی کمی اور صفائی ستھرائی کے مسائل سے دوچار ہیں

بقیہ اُستمان 60

الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی رہنما الحاج صاحبزادہ پیر محمد سکندر سلطان قادری، جماعت الصالحین پاکستان صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر الحاج صاحبزادہ پیر سلطان محمد حیات قادری جماعت الصالحین پاکستان یوتھ ونگ کے مرکزی امیر صاحبزادہ الحاج پیر تیمور سلطان قادری، خلیفہ ذوالفقار علی قادری، نذیر احمد قادری، ارشد قادری بھی موجود تھے۔ بلوچستان کے صوبائی امیر الحاج صاحبزادہ پیر سلطان محمد حیات قادری جماعت الصالحین پاکستان یوتھ ونگ کے مرکزی امیر صاحبزادہ الحاج پیر تیمور سلطان قادری، خلیفہ ذوالفقار علی قادری، نذیر احمد قادری، ارشد قادری بھی موجود تھے۔

بقیہ اُستمان 61

کا حق ادا کرنے میں ورکروں پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہے کہ وہ ایک نظریاتی فکر اور سوچ کے ساتھ امت کی رہنمائی کرے موجودہ حالات میں امت کو درپیش مسائل اور اجتماعی تقاضوں کا احساس ہم سب کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ تنظیم سازی کے عمل کے بعد تنظیم کو ہر سطح پر فعال بنانے کیلئے ورکرز مؤثر انداز میں آگے بڑھائے۔ جماعت کے منشور پر مکمل اعتماد رکھتے ہوئے ضلع کے کونے کونے میں دعوتی اور تنظیمی کام کو تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اس ملک میں حق، صداقت اور اصولی سیاست کا علمبردار ہے۔ اقتدار اور مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا ڈھانچہ چلانے والے بنیادی ستون آئین، قانون، پارلیمنٹ اور جمہوریت اس وقت عملی طور پر معطل ہو چکے ہیں۔ عملی طور پر پاکستان ایک ایسے جنگلستان میں تبدیل ہو چکا ہے جہاں طاقتور کی لاٹھی اور جبر کا راج ہے۔ انصاف کی تمام راہیں مسدود ہو چکی ہیں۔ طاقت کے بل بوتے پر غیر آئینی ایمرجنسی فیصلے ملک کو مکمل انارگی اور تباہی کی طرف لے جا رہا ہے۔

بقیہ اُستمان 62

سہولیات سے محروم ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ تحصیل گندادہ میں صحافیوں کے لیے تاحال پریس کلب کی سرکاری عمارت تعمیر نہیں کی جاسکی، جس کے باعث صحافی کرائے کی دکانوں میں بیٹھ کر اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گنداخہ کے صحافی محدود وسائل اور نامساعد حالات کے باوجود دن رات محنت کر کے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی، انتظامی غفلت اور دیگر اہم عوامی معاملات کو اجاگر کرتے ہوئے عوام کی آواز متعلقہ حکام اور اعلیٰ ایوانوں تک پہنچا رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 63

۔اختلاف رائے جمہوری عمل کا حسن ہے، لیکن اختلاف کو ذاتیات، ناشائستہ گفتگو، دھمکیوں اور جارحانہ رویوں میں تبدیل کرنا کسی بھی صورت ہماری دینی، اخلاقی اور پارلیمانی روایات سے مطابقت نہیں رکھتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یونس زہری سمیت دیگر ذمہ دار پارلیمانی منصب پر فائز ہیں اور ان سے بجا طور پر توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے منصب، ایوان کے تقدس اور دیگر منتخب نمائندوں کے احترام کو ہر حال میں ملحوظ رکھیں گے۔

بقیہ اُستمان 64

اکاؤنٹیبلٹی (CNBA) کی پارٹنر تنظیم اویس ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے ایک اہم اجلاس کا اہتمام کیا۔ اس اجلاس میں ایک 'کمیونٹی انٹرایکٹیو فورم' (عوامی احتساب فورم) کا انعقاد کیا گیا۔ اس فورم کا مقصد صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات اور آراء پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ واضح رہے کہ سی این بی اے (CNBA) سول سوسائٹی کی تنظیموں کا ایک ملک گیر نیٹ ورک ہے جسے سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز (CPD) چلا رہا ہے۔ سی این بی اے اس سلسلے میں تحقیق کرنے کے ساتھ ساتھ تکنیکی مدد اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

بقیہ اُستمان 65

شہری شہر کے مختلف مقامات پر قصابوں کی دکانوں پر باہر سے لاکر لاغر بیمار جانوروں کے گوشت کے فروخت کی بھی شکایات کرنے لگے جو انسانی صحت کے لیے انتہائی مضر ہے جبکہ اکثر قصاب حفظان صحت کے اصولوں کا بھی خیال نہیں رکھتے بکرے اور دیگر جانور ذبح کرکے دکانوں کے باہر لٹکا دیتے ہیں جس میں سارا دن اٹھنے والی دھول مٹی جذب ہوجاتی ہے جبکہ بعض مقامات پر قصابوں نے دکانوں میں ذبح خانے قائم کررکھے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ قصابوں نے گوشت کے الگ الگ ریٹ مقرر کئے ہوئے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ انتظامیہ قصابوں کو سرکاری نرخ کا پابند کرے۔

بقیہ اُستمان 66

تاجر برادری کو درپیش مسائل، مشکلات اور بازاروں کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ان شاءاللہ شاپنگ ایریا سے لے کر اچانک بازار تک جلد دورہ کریں گے، تاجروں کے مسائل کا جائزہ لیں گے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور تاجر برادری کے باہمی تعاون، مشاورت اور مشترکہ کوششوں سے مسائل کو بہتر انداز میں حل کیا جا سکتا ہے۔ انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان، ژوب یونین ضلعی انتظامیہ کے اس مثبت اور حوصلہ افزا تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور امید کرتی ہے کہ باہمی روابط اور تعاون سے تاجر برادری کے مسائل کے حل اور بازاروں کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ اُستمان 67

محتاج ہوگئے سمندری وسائل کی تباہی کا سلسلہ نہ رک سکا مچھلیوں کی نسلیں ناپید ہونے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں گڈانی، ڈام بندر، کنڈ ملیر، اور ماڑہ تک سمندری حدود میں بڑی لانچوں اور کشتیوں کے ذریعے مبینہ طور پر ممنوعہ جال وائرنیٹ استعمال کرکے چھوٹی مچھلیوں کا بے دریغ شکار کیا جارہا ہے۔ گڈانی سے اور ماڑہ تک ممنوعہ وائرنیٹ جالوں کے مسلسل استعمال سے چھوٹی مچھلیوں کے ساتھ سمندری حیات کی دیگر اقسام بھی بڑی تعداد میں شکار ہورہی ہیں جس سے مچھلیوں کی نسلیں ناپید ہونے اور سمندر کے قدرتی وسائل وافزائش نسل کا نظام تباہ ہو کر سمندر کے بانجھ ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ فشریز قوانین موجود ہونے کے باوجود محکمہ فشریز لسبیلہ حب کے ذمہ دار افسران اور اہلکاروں کی مبینہ ملی بھگت اور چشم پوشی کے باعث غیر قانونی ماہی گیری کا سلسلہ دھڑلے سے جاری ہے۔ دوسری جانب مقامی چھوٹے ماہی گیر اپنے ہی سمندری علاقوں میں غیر قانونی شکار کے باعث معاشی بدحالی کا شکار ہوکر نان شبینہ کے محتاج ہوگئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، سیکریٹری فشریز بلوچستان، کمشنر لسبیلہ ڈویژن گڈانی سے اور ماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائرنیٹ جال کے ذریعے غیر قانونی شکار کا فوری نوٹس لے کر ایسے جال استعمال کرنے والی لانچوں اور کشتیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا حکم صادر کریں ممنوعہ جال ضبط کیے جائیں اور محکمہ فشریز کے افسران واہلکاروں کی مبینہ غفلت اور ملی بھگت کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں تاکہ سمندری حیات مچھلیوں کی نسلوں اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار کو مزید تباہی سے بچایا جا سکے۔

بقیہ اُستمان 68

وزیراعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کانسٹیبل محمد آصف نے بتایا کہ انہوں نے 2008 میں پسند کی شادی کی تھی، تاہم کچھ عرصے بعد پولیس اہلکار یاسر نے ان کے گھریلو معاملات میں بےجا مداخلت شروع کر دی اور بعد ازاں ان کی اہلیہ کے ساتھ مبینہ طور پر قابل اعتراض تعلقات قائم کر لیے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی ڈیوٹی کے دوران یاسر کا گھر آنا جانا اور بچوں کے سامنے ان کی اہلیہ کو ساتھ لے جانا معمول بن چکا تھا۔ اس حوالے سے انہوں نے کئی بار یاسر اور اس کے اہلخانہ سے احتجاج کیا اور قرآن پاک پر معاہدہ بھی ہوا، مگر اس کے باوجود یاسر اپنی حرکتوں سے باز نہ آیا اور 14 مارچ 2026 کو فون پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، جس کا مقدمہ درج کروانے پر تھانہ امیر محمد دستی کے ایس ایچ او نے اسے حوالات میں بند بھی کیا تھا۔ محمد آصف نے الزام عائد کیا کہ انہوں نے بچوں کے مستقبل کی خاطر انہوں نے معاملہ سنبھالنے کی کوشش کی لیکن ایک روز ڈیوٹی سے واپسی پر معلوم ہوا کہ ان کی سابقہ اہلیہ گھر سے 15 لاکھ روپے نقد، دو تولہ سونا، بحریہ ٹاؤن کے 2 پلاٹوں کے کاغذات، دیگر قیمتی سامان اور تینوں بچوں کو ساتھ لے کر چلی گئی ہے۔ اس واقعے کے بعد پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی گئی جس نے موقع کا معائنہ بھی کیا۔ بعد ازاں سامان کی واپسی کے مطالبات پر ساس اور سالی کی جانب سے مبینہ تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا۔

بقیہ اُستمان 69

کے مطابق جاں بحق ہونے والی بچی کی شناخت منتظہ کے نام سے ہوئی ہے، جس کی عمر چھ سال بتائی جاتی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام نے صورتحال کا نوٹس لیا۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر وربندل نے اسپتال کا دورہ کیا، جہاں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر انہوں نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ چھ سالہ بچی کی المناک موت کے باعث علاقے میں سوگ کی فضا پھیل گئی۔

ایس ایس جی سی افسران کا اجلاس، شہر میں گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار

گیس کی بلاتعطل فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے موثر حکمت عملی تشکیل دینے پر اتفاق

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کوئٹہ کے سینئر افسر حاجی نصیراحمد لہڑی نے تھیفٹ کلیم کے انچارج محمد زبیر سے ملاقات کی، جس میں کوئٹہ شہر میں گیس کی لوڈشیڈنگ، گیس پریشر میں کمی، صارفین کو درپیش مشکلات، گیس کی بلاتعطل فراہمی اور عوامی شکایات کے ازالے سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی سے متعلق صورتحال اور صارفین کو روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات پر گفتگو ہوئی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر36)

کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین، ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و دیگر کلچر ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام بلوچی کے نامور شاعر و ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں کرپشن کی صرف فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہوں گی، سالک حسین

میں پنجاب میں کرپشن کی کہانیاں روز سنتا ہوں، صوبے کا سارا بجٹ لاہور چلا جاتا ہے اور پھر ان کی مرضی ہے کہ کیسے تقسیم کریں

جہاز کا ذاتی استعمال نہیں ہونا چاہیے، اگر سرکاری استعمال کیا جا رہا ہے تو واپس آ کر نتائج بھی بتائیں کہ دورے سے کیا حاصل ہوا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی اور قیصر احمد شیخ کے بعد وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین بھی نظام کی ناکامی پر بول پڑے اور کہا پنجاب میں کرپشن کی فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہوں گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ملک کے موجودہ سیاسی و انتظامی نظام اور پنجاب حکومت کی کارکردگی پر شدید تنقید کی اور کہا کہ قیصر احمد شیخ نے نظام سے متعلق جو باتیں کی ہیں وہ حقیقت اور سچ پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا، "میرے پاس شواہد تو نہیں ہیں مگر پنجاب میں کرپشن کی کہانیاں روز سنتا ہوں، وہاں کرپشن کی فائلیں نہیں بلکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9)

ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے انکار

تہران (آن لائن) ایران نے 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے کے امکان کو مسترد کر دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ تہران اپنا افزودہ یورینیم کسی دوسرے ملک کے حوالے نہیں کرے گا۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر30)

ڈائریکٹوریٹ آف کلچر کوئٹہ:**نامور بلوچی شاعر سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریبات کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹوریٹ آف کلچر حکومتِ بلوچستان کے زیر اہتمام نامور بلوچی شاعر، ادیب اور اسکالر سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریبات (Centenary Celebration) کے سلسلے میں نوری نصیر خان کلچر کمپلیکس، اسپنی روڈ، کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر38)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فوزیل شہزاد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فوزیل شہزاد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوا دیا گیا درخواست گزار فوزیل شہزاد نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو متعدد بار درخواست دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر39)

صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، پروفیسر لمز یونیورسٹی لاہور ڈاکٹر میاں ادریس کو شیلڈ دے رہی ہیں

ممبر سازی مہم سے حقیقی آزادی کی جدوجہد کو تقویت ملے گی، صادق آغا

پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کی ممبرشپ مہم کا آغاز، کارکنان اور عوام بڑھ چڑھ کر حصہ لیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان میں پارٹی کی ممبرشپ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد پارٹی کو صوبے بھر میں مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانا اور عوام کو عمران خان کے نظریے، جمہوریت کی بالادستی، آئین کی حکمرانی اور حقیقی آزادی کی جدوجہد میں شریک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر40)

اسلام مخالف پروپیگنڈہ برداشت نہیں کیا جا سکتا، ذوالفقار طارقی

پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے، کسی کو اسلام قبول کرنے سے روکنے کا اختیار نہیں

کوئٹہ (آن لائن) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری محمد عامر جتوئی میر محمد آصف سالانی محمد شریف لانگو محمد آصف کنرانی نے اپنی مشترکہ تحریری بیان میں کہاں کہ قادری درگاہ بھرچونڈی شریف پاکستان بننے سے پہلے سے دعوت و تبلیغ کا مرکز ہے، اسلام مخالف بیانیہ مسترد کرتے ہیں۔ دنیش کمار کے بیان کا حکومت نوٹس لے، پاکستان میں امن اور بھائی چارے کی فضا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر41)

قلات، پولیس میں تمام مراحل میں کامیاب 126 نئے اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری

شمولیت عوامی خدمت کا بہترین موقع ہے، ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر قانون کی بالادستی یقینی بنائیں، ایس ایس پی

قلات (آن لائن) ضلع قلات میں بلوچستان پولیس میں بھرتی کے تمام مراحل کامیابی سے مکمل کرنے والے 109 مرد اور 17 خواتین اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس لائن قلات میں نئے بھرتی ہونے والے اہلکاروں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جہاں ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے جوانوں میں تقرری آرڈرز تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر42)

ڈیرہ مراد جمالی، ریلوے ٹریک پر جعفر ایکسپریس کی ٹکر سے 6 سالہ بچی جاں بحق

ہسپتال میں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی شدید برہمی، علاقے میں سوگ کی فضاء

نصیر آباد (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں جعفر ایکسپریس ٹرین کی ٹکر سے چھ سالہ بچی جاں بحق ہوگئی۔ افسوسناک واقعہ بچی پھاٹک کے قریب ریلوے اسٹیشن کے نزدیک پیش آیا، جہاں بچی ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ پولیس ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر69)

سی ٹی ڈی اہلکار کی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار کے خلاف پریس کانفرنس، سنگین الزامات عائد

گھریلو مداخلت، مالی نقصان اور دھمکیوں پر وزیراعلی، آئی جی پولیس اور چیف جسٹس بلوچستان سے انصاف کی اپیل

کوئٹہ (آن لائن) سی ٹی ڈی بلوچستان کے اہلکار محمد آصف (رہائشی جوائنٹ روڈ کوئٹہ) نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار یاسر کے خلاف شدید تحفظات اور سنگین الزامات کا اظہار کیا ہے، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر68)

وندر، گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائرنیٹ کے ذریعے غیر قانونی شکار جاری

محکمہ فشریز کی مبینہ چشم پوشی سے سمندری حیات کی نسلیں خطرے میں، مقامی ماہی گیر نانِ شبینہ کے محتاج

وندر (آن لائن) وندر، گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائرنیٹ جال کا استعمال چھوٹی مچھلیوں کا غیر قانونی شکار جاری محکمہ فشریز لسبیلہ حب کے افسران کی مبینہ ملی بھگت سمندر بانجھ ہونے کا خدشہ چھوٹے ماہی گیر نانِ شبینہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر67)

ژوب، انجمن تاجران کے صدر کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سے ملاقات، درپیش مسائل پر تبادلہ خیال

بازاروں کی بہتری اور تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، اے ڈی سی ژوب کی یقین دہانی

ژوب (آن لائن) انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان، ژوب شاخ کے صدر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر66)

صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کو زیر تعمیر محبت پور بائی پاس کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

پی ٹی آئی کے دور میں ملک کو معاشی بحران، بدحالی کا سامنا کرنا پڑا، رانا تنویر حسین

قوم تمام چہرے پہچان چکی ہے خیبر پختونخواہ میں مجبوراً گورنر راج ایمرجنسی نافذ کرنا پڑی، وہاں کی عوام نے سکھ کا سانس لیا

شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاکستان کو بحران سے نکالنے کی کوششیں کامیاب ہوئیں، وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی

مریدکے (آن لائن) وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان پی ٹی آئی حکومت سے پہلے جتنی ترقی اور خوشحالی کی منازل طے کر رہا تھا آج پاکستان اقتصادی معاشی اعتبار سے ایشیاء کا ٹائیگر بن چکا ہوتا۔ مریدکے کالا شاہ کاکو موٹروے چوک کے قریب تین تحصیلوں مریدکے مشرقپورہ، فیروزوالہ کے مشترکہ جوڈیشل کمپلیکس میں وکلاء کے چیمبرز کی قرعہ اندازی تقریب میں وارث علی بھٹی صدر بار فیروز والا اجنرل سیکرٹری چوہدری سبطین گجر اور سابق صدر بار رانا ہدایت علی ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10)

بھاگ شہر میں بیمار لاغر جانوروں کے گوشت کی فروخت کی شکایات عام ہونے لگیں

بھاگناڑی (آن لائن) بھاگ شہر میں بیمار لاغر جانوروں کے گوشت کی فروخت کی شکایات عام ہونے لگیں قصاب حفظان صحت کے اصولوں کا بھی خیال نہیں رکھتے دکانوں میں ذبح خانے قائم کئے ہیں جبکہ قیمتیں بھی الگ الگ مقرر کر رکھی ہیں پرائس کنٹرول کمیٹی حسب روایت غیر فعال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر65)

عوامی خدمات کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات پر غور کے لیے ضلع سبی میں 'کمیونٹی انٹرا ایکٹیو فورم' کا انعقاد

سبی (آن لائن) عوامی خدمات کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات پر غور کے لیے ضلع سبی میں 'کمیونٹی انٹرا ایکٹیو فورم' کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس میں بڑی تعداد میں عوام نے شرکت کی اور اپنے اپنے تحفظات کو دور کرنے پر غور کیا گیا 'تفصیلات کے مطابق ضلع سبی سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر64)

ہدایت الرحمان بلوچ اور یونس زہری کے واقعے کی مذمت کرتے ہیں، شکیل روشن

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر شکیل احمد روشن نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور جمعیت علمائے اسلام (ف) سے تعلق رکھنے والے رکن یونس زہری کے درمیان پیش آنے والا واقعہ قابل مذمت ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر63)

گنداخہ کے صحافی جدید دور میں بھی پریس کلب کی سرکاری عمارت سے محروم

گنداخہ (آن لائن): تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر میجر جمالی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جدید دور میں جہاں صحافت کو جمہوریت کا چوتھا ستون تسلیم کیا جاتا ہے اور صحافی معاشرے کے مسائل، عوامی مشکلات اور حکومتی اداروں کی کارکردگی کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، وہیں گنداخہ کے صحافی آج بھی بنیادی صحافتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر62)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

فرسودہ نظام سے نجات کیلئے جدوجہد ضروری ہے، قادر لونی

آئین، قانون اور جمہوریت عملی طور پر معطل ہو چکے ہیں، جمعیت علما اسلام نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین ضلعی امیر مولانا عبدالناصر لورالائی میں مجلس عاملہ و ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے نجات کے لیے نظریاتی بنیادوں پر جدوجہد انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کا فروغ ہمارا ہدف ہے اس پرفتن دور میں اہم امانت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر61)

پاکستان سمیت پوری دنیا کو امن کی ضرورت ہے، سید حامد

سندھ کے تاریخی شہر میہراب پور میں ہونے والی روحانی اجتماع یارسول اللہ کانفرنس وقت کی اشد ضرورت ہے

سبی (آن لائن) جماعت اہل سنت پاکستان کے قائد علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی نے کہا ہے کہ پاکستان سمیت پوری دنیا کو امن کی ضرورت ہے پاک افواج ہمارا ہی نہیں بلکہ پوری اسلامی دنیا کا فخر ہے بلوچستان کے پی کے سمیت پاکستان میں سے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمے کے لئے ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہے سندھ کے تاریخی شہر میہراب پور میں ہونے والی روحانی اجتماع یار سول اللہ کانفرنس وقت کی اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اہل سنت کے مرکزی ناظم اعلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر60)

گنداخہ میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے شہری پریشان

ملیریا اور دیگر وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ، حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

گنداخہ (آن لائن): گنداخہ شہر اور گردونواح میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث مچھروں کی افزائش میں اضافے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ ملیریا، ڈینگی اور دیگر مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ شہری حلقوں نے متعلقہ محکمہ صحت اور میونسپل انتظامیہ کی عدم توجہی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر59)

ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا ورنہ امریکا بہت جلد معاملہ نمٹا دیگا، صدر ٹرمپ

ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، یہ معاملہ دوسرے طریقے سے جلد اپنے انجام کو پہنچے گا

میں لوگوں کی جانیں بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں، لیکن ایک مرحلے پر ہمیں سخت کارروائی کرنا ہوگی، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، یہ معاملہ دوسرے طریقے سے جلد اپنے انجام کو پہنچے گا، ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دیگا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے قبل انتخابی مہم کے آخری جلسے میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں لوگوں کی جانیں بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں، لیکن ایک مرحلے پر ہمیں سخت کارروائی کرنا ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے ریپبلکن جماعت کی کامیابی کے لیے بھرپور اپیل کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11)

خضدار، یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد

نومبر 2026 کی قومی انسداد پولیو مہم میں کامنیٹ اور محکمہ صحت سے مکمل تعاون کیا جائے گا، ہیڈ ماسٹر مفتی ہدایت اللہ زہری

خضدار (آن لائن) یونین کونسل فیروز آباد میں پولیو آگاہی سیشن کا انعقاد، اساتذہ، مذہبی رہنماں بلدیاتی نمائندوں اساتذہ کرام اور عمائدین کا مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان تفصیلات کے مطابق کامنیٹ کی جانب سے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنگو، یونین کونسل فیروز آباد میں نومبر 2026 کی قومی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں اسکول اساتذہ، ڈاکٹرز، مقامی حکومتی نمائندوں، مذہبی رہنماں اور علاقے کے معتبر عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر58)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی لیم نسیم الرحمان خان ملاخیل آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن اپکا یونٹ ماحولیات کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت کو فیک نیوز کے خلاف قانونی کارروائی کا حق حاصل ہے، شاہد رند

حکومت سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپوں کے ذریعے فیک نیوز چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا رہی ہے

مین اسٹریم پرنٹ و الیکٹرونک میڈیا سے وابستہ صحافیوں نے ہمیشہ صحافتی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے حقائق پر مبنی خبریں دی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت سوشل میڈیا او روٹس ایپ گروپوں کے ذریعے فیک نیوز چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا رہی ہے بلوچستان کے 3 سوشل ایکٹیوسٹ کی جانب سے غلط خبریں پوسٹ کرنے پر ان کے خلاف این سی سی آئی اے کو تحریری طور پر لکھا ہے ان کے خلاف کارروائی کی جائے کیونکہ مین اسٹریم پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا سے وابستہ صحافیوں نے ہمیشہ اپنی صحافتی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے حقائق پر مبنی خبریں دی ہیں یہ بات انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12)

برشور، ڈپٹی کمشنر نے انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے جامع مائیکرو پلان اور سیکورٹی کے فول پروف انتظامات

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع میں انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے، اس موقع پر بچے کو انسدادِ پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا گیا۔ تقریب کے بعد انسدادِ پولیو ٹیموں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع برشور کو پولیو سے پاک بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ نے تمام تر ضروری اور بروقت اقدامات مکمل کر لیے ہیں، فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے پولیو ورکرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ورکرز قومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر43)

کینیڈا جانے کے خواہشمند پاکستانی ہوشیار! نئے امیگریشن قوانین نافذ

اونٹاریو (آن لائن) کینیڈا کے امیگریشن قوانین میں بڑی تبدیلیاں کر دی گئیں، جس کے تحت سخت شرائط عائد کی گئیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کینیڈا نے اپنی سرحدی سیکیورٹی کو مضبوط بنانے اور امیگریشن نظام کو شفاف بنانے کے لیے تاریخ کا ایک اہم اور جامع قانون "اسٹرینتھننگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر44)

بلوچستان، 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد شناختی کارڈز بلاک

بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے، نادرا حکام

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک کر دیے گئے۔ نادرا حکام کے مطابق بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ تصدیق کے بعد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جا رہا ہے۔

اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ، فیصل گنڈاپور کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

اسلام آباد (آن لائن) انسدادِ دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنماؤں اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ اور فیصل امین گنڈاپور کی درخواست ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی۔ رپورٹ کے مطابق انسدادِ دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر45)

برشور: ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

لورالائی میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن

سرکاری اراضی اور عوامی راستوں پر تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی، اسسٹنٹ کمشنر

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی، شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے اور سرکاری و عوامی راستوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی سربراہی میں ٹریفک پولیس افسر عبدالجبار اور ٹریفک عملہ، میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی کی گئی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر قائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر47)

پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کے بینکوں کے کنسورشیم کی چیئرمین شپ سنبھال لی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے بینکوں کے کنسورشیم (ایس سی او-آئی بی سی) کی 2026-27 کے لیے چیئرمین شپ سنبھال لی ہے، سلطان علی الانہ نے کنسورشیم کے چیئرمین کی ذمہ داریاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر46)

محکمہ تعمیرات ومواصلات ڈھاڈر کے ملازمین ڈیوٹیوں سے غائب

ڈھائی سو سے زائد ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں بٹورنے میں مصروف ایکسین کچھی بے بس

بولان (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کچھی میں محکمہ تعمیرات ومواصلات ڈھاڈر بدانتظامی کا گڑھ بن گیا ہے ڈھائی سو سے زائد ملازمین کی ڈیوٹیوں سے طویل غیر حاضری اور گھر بیٹھے کروڑوں روپوں کی تنخواہیں وصول کرنے کا سنسنی خیز انکشاف سامنے آیا ہے جس سے صوبائی حکومت کے خزانے کو ماہانہ بنیادوں پر کروڑوں روپے کا بھاری نقصان پہنچ رہا ہے غیر حاضر ملازمین کی وجہ سے صوبائی حکومت کو سالانہ کروڑوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر57)

کوئٹہ، خضدار کے زمیندار ملک عبداللطیف شاہوانی، الٰہی بخش مینگل، جاوید کرد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں بھرتیوں کے انٹرویوز شروع

ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں، علی نواز جمالی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ انٹرویوز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی کی زیرِ صدارت منعقد ہوئے، جن میں مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، تجربے اور متعلقہ شعبے میں اہلیت کا جائزہ لیا گیا انٹرویو کمیٹی کے دیگر اراکین میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر55)

سائبر سیکیورٹی خطرات سے نمٹنے کیلئے کسی غفلت کی گنجائش نہیں ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے، محمد اورنگزیب

ڈیجیٹل اثاثوں کو مالیاتی نظام میں جگہ، حقیقی معاشی فوائد اور کاروباری آسانی کی بنیاد پر ملنی چاہیے، تقریب سے ورچوئل خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، مالیاتی نظم وضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ پاکستان فنٹیکس ایسوسی ایشن کی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے، ڈیجیٹل اثاثوں کو مالیاتی نظام میں جگہ، حقیقی معاشی فوائد اور کاروباری آسانی کی بنیاد پر ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14)

لورالائی میں صوبائی محتسب کی کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی شکایات کے ازالے میں غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی،، ریجنل ڈائریکٹر

لورالائی (خ ن) لورالائی ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے کی۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ، ڈی ایس پی کریم مندوخیل سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی کھلی کچہری میں لورالائی کی مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندگان، انجمن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر48)

بے لگام سوشل میڈیا ریاست کیلئے ایک زہر قاتل ثابت ہو سکتا ہے، خواجہ آصف

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کیلئے کیا، وزیر دفاع

اسکا احتساب ہونا چاہیے، یہ ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کما رہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کر رہی ہیں؟ بیان

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثرورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنے شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھارتی کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13)

خلیجی تعاون کونسل کی قطر کے گیس بردار جہاز پر حملے کی مذمت، کشیدگی میں خطرناک اضافہ قرار

دبئی (آن لائن) خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) نے قطر کے مائع گیس بردار جہاز پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے کشیدگی میں خطرناک اضافہ قرار دیا ہے کونسل کے سیکریٹری جنرل جاسم محمد البدیوی نے ایک بیان میں کہا کہ ایسے حملے علاقائی استحکام اور عالمی توانائی کی منڈیوں کیلئے خطرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر56)

ایران پر امریکا کا نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، محمد البرادعی

قاہرہ (آن لائن) مصری سیاست دان اور سابق سربراہ عالمی جوہری توانائی ایجنسی محمد البرادعی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی جانب سے ایران پر نئے حملوں کی صورت میں مشرق وسطیٰ کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں محمد البرادعی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر52)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، چیف الیکشن کمشنر نے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کر لیا، جس میں سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد انہیں سیکورٹی پلان پر بریفنگ دیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر51)

امریکا کا یوکرین کے راستے یورپ کو روسی گیس کی فراہمی بحال کرنے پر زور

واشنگٹن (آن لائن) امریکا نے یوکرین سے گزرنے والی پائپ لائنوں کے ذریعے یورپ کو روسی قدرتی گیس کی فراہمی جلد بحال کرنے کی حمایت کر دی۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق اس تجویز کا مقصد موسم سرما سے قبل توانائی کے شعبے میں جنگ بندی کو یقینی بنانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر49)

ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائیگا، علی حسن زہری

شیخ ابراہیم گوٹھ میں میر علی حسن زہری کے اعزاز میں عظیم الشان جلسہ، میں ہزاروں افراد کی شرکت

حب (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے اعزاز میں شیخ ابراہیم گوٹھ میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کر کے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر کونسلر اسد شیخ نے ان کا شاندار استقبال کیا، جبکہ یوسف شیخ نے انہیں بلوچی پگ پہنا کر روایتی انداز میں خوش آمدید کہا۔ جلسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر54)

گنداخہ: میر جبل جمالی بنیادی شہری سہولیات سے محروم

اسٹریٹ لائٹس اور سیوریج سسٹم کی فراہمی کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں، سماجی رہنما میجر جمالی

گنداخہ (آن لائن): سماجی رہنما میجر جمالی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے شہر کے اہم محلے میر جبل خان جمالی کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے، جہاں تاحال بنیادی شہری سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث مکین مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند روز قبل محلہ میر جبل خان جمالی میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور سیوریج سسٹم کی تعمیر کا کام شروع ہونے کے دعوے سامنے آئے تھے، تاہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر53)

کوئٹہ، سی ای او الطاف ڈویلپمنٹ الطاف خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، خواتین کی کاروباری نمائش کامیابی سے اختتام پذیر

ویکسینٹ نمائش خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہے، ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش ''ویکسینٹ (WEXNET)'' کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر50)

CS CamScanner